★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات 14 ربیع الاول 1445ھ 19 ستمبر 2024ء 3 اسوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 205

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

فضل الرحمان نے حکومت کا آئینی ترامیم پر مسودہ مکمل طور پر مسترد کر دیا

اب تو یہ بھی کہہ رہے ہیں یہ ہمارا مسودہ نہیں تھا، جو مسودہ پہلے فراہم کیا گیا تھا وہ کیا کھیل تھا؟ مطالعہ کرنے کے بعد وہ مسودہ بھی لحاظ سے قابل قبول نہیں تھا یہ قوم سے بڑی خیانت ہوتی اگر اس کا ساتھ دیتے

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اڈیالہ جیل میں مبینہ گفتگو پر جواب دینے سے گریز کیا، پی ٹی آئی کے رہنما اور سابق صدر عارف علوی اور رؤف حسن نے بھی ٹھہرانے میں شریک ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ آئینی ترامیم پر حکومت کا مسودہ مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے۔ رہنما پاکستان تحریک انصاف اسد قیصر کی رہائش گاہ ٹھہرانے کے بعد میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ اب تو یہ بھی کہہ رہے ہیں یہ ہمارا مسودہ نہیں تھا، جو مسودہ پہلے فراہم کیا گیا تھا وہ کیا کھیل تھا؟ مطالعہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



لاہور، پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف، حسین نواز و مگر کے ہمراہ اپنے عزیز و اقارب کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھا رہے ہیں

پی ٹی آئی نے لاہور میں جلسہ روکنے کیلئے درخواست دائر کر دی

ڈپٹی کمشنر لاہور دہشت گردی کے پیش نظر جلسے کی اجازت نہیں دے رہے، ایڈووکیٹ ندیم سرور

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے لاہور میں جلسہ روکنے کیلئے درخواست دائر کر دی

لاہور (این این آئی) صدر ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) میاتسوگو کانو نے پاکستان کو 2 ارب ڈالر کی امداد دینے کا اعلان کیا

گئی۔ مرزا واحد رفیق نے ایڈووکیٹ ندیم سرور کی معاونت سے درخواست دائر کی جس میں ڈپٹی کمشنر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کو 2 ارب ڈالرز کی امداد دینے کا اعلان

صدر مملکت آصف علی زرداری سے صدرِ اے ڈی بی کی ملاقات، مؤسیاتی تبدیلی پر تعاون پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) میاتسوگو کانو نے پاکستان کو 2 ارب ڈالرز کی امداد دینے کا اعلان کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

نواز شریف کی اہلیہ اور والدین کی قبروں پر حاضری ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی

قبروں پر گل پاشی کی گئی اور پھولوں کی چادریں بھی رکھی گئیں قرآن خوانی و نعت خوانی بھی کرائی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف کی اہلیہ اور والدین کی قبروں پر حاضری دی۔ محمد نواز شریف نے رائے ونڈ میں دیگر عزیز و اقارب کے ہمراہ قبروں پر حاضری دی، خواتین نے نبی اکرم کی شان میں گل ہائے عقیدت اور درود و سلام پیش کیا۔ محمد نواز شریف اور دیگر حاضرین نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

گئی اور پھولوں کی چادریں بھی رکھی گئیں مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف نے عید میلاد النبیؐ کی نسبت سے قرآن خوانی بھی کروائی، جبکہ نعت خوانوں نے نعت پڑھی۔



تعلیمات نبویؐ کی روشنی میں منفی رویوں کا خاتمہ کرنا ہوگا، وزیر اعظم

فلسطین اور مقبوضہ کشمیر میں ہزاروں مسلمان خون کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ ان شاء اللہ جلد دونوں مقبوضہ ریاستیں آزاد ہوں گی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی بدولت لاکھوں نہیں اربوں مسلمان دنیا میں پھیل گئے ہیں

ہمارا ہر عمل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق ہو، ہمارے ہاتھ اور زبان سے ایسا کچھ نہ ہو جس کی اجازت نبی کریمؐ نے نہیں دی، گالم گلوچ کے معاشرے کی اصلاح میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیر اعظم

آزاد ہوں گی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی بدولت لاکھوں نہیں اربوں مسلمان دنیا میں پھیل گئے ہیں۔ لاہور میں محفل میلاد سے خطاب میں وزیر اعظم نے کہا کہ عظیم ہستی کی ولادت کا دن پوری کائنات کو بدلنے کا دن تھا، انہوں نے کہا کہ اندھیرے پاکستان میں کروڑوں مسلمان بستے ہیں،



لاہور و وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 15 ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ماحول کو صاف رکھنا اجتماعی معاشرتی ذمہ داری ہے، نواز مریم

تھرا پنجاب پروگرام کے تحت ماحول دوست پائیدار اقدامات کئے جا رہے ہیں، تاریخ میں پہلی مرتبہ رورل ایریاز میں بھی صفائی کی جاری ہے

پنجاب حکومت صفائی کرا رہی ہے، شہریوں کو بھی ذمہ داری نبھانا ہوگی، اپنے شہروں، دیہات اور گلی محلوں کو صاف ستھرا رکھیں اور ماحول کے تحفظ کیلئے کردار ادا کریں

لاہور (سعدیہ فیاض) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف پراپنے پیغام میں مریم نواز کا کہنا تھا کہ ماحول کو صاف ستھرا رکھنا اجتماعی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈپٹی کمشنر لاہور سے ملاقات کی

ڈراف کو مشکوک بنایا جا رہا ہے، اگلے چیف جسٹس منصور علی شاہ ہوں گے، مولانا طارق

مولانا صاحب کی ٹیم کے پاس مسودہ موجود تھا، کامران مرتضیٰ اور وزیر قانون کی پیش دار ہونے کی بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ ڈراف کو مشکوک بنایا جا رہا ہے، فی الحال یہی نظر آتا ہے کہ اگلے چیف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ڈپٹی کمیشنر مین نیب جیل ناصر طاقت کر رہے ہیں

آئینی ترمیم میں غیر پختونخوا کے نام کو پختونخوا کر دیا جائے: اے این پی کا مطالبہ

اگر ترمیم میں آئینی عہدیداروں کی مدت ملازمت میں توسیع ہوئی تو مخالفت کریں گے، ایمل ولی خان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) نے مطالبہ کیا ہے کہ آئینی ترمیم میں صوبہ خیبر پختونخوا کے نام کو پختونخوا کر دیا جائے۔ عوامی نیشنل پارٹی کا مشاورتی کمیٹی کا اجلاس باچا خان مرکز میں ہوا جس کی صدارت مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کی۔ اجلاس میں سیاسی صورتحال سمیت مختلف

گورنر سندھ کا افغان حکومت سے سفارتی عملہ واپس بلانے کا مطالبہ

جو پاکستان کی عظمت کو نہیں مانتا وہ افغانستان چلا جائے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے قومی ترانے کی بے حرمتی پر افغانستان حکومت سے اپنے سفارتی عملے کو واپس بلانے کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

مرتضیٰ وہاب چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کے ترجمان مقرر

گورنر فیصل کریم کنڈی کا تر جمان بلاول بھٹو مقرر ہونے پر مرتضیٰ وہاب کو مبارکباد

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کو چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کا ترجمان مقرر کیا گیا ہے۔ ٹویٹ میں کہا گیا ہے کہ مرتضیٰ وہاب بلور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

علی امین گنڈاپور کا 21 ستمبر کو لاہور میں ہر صورت جلسہ کرنے کا اعلان

جلسے کے لیے غیر پختونخوا کے قافلوں کی قیادت وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کریں گے: ذرائع

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے 21 ستمبر کو لاہور میں ہر صورت جلسہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ پی ٹی آئی ذرائع کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

آئینی ترامیم پر پی ٹی آئی بھی راضی ہے، خواجہ آصف کا دعویٰ

مجوزہ آئینی ترامیم پر پی ٹی آئی سے مذاکرات کامیاب ہوئے، ہم نے ان کی تجاویز مان لی ہیں: خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت کی مجوزہ آئینی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28



لاہور، رہنما پی ٹی آئی عامر خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب میں بڑا انسپکٹر کے اربوں میں 70 روپے کی کرائی گئی عظمیٰ بخاری

پٹرول کی قیمت کم ہونے پر وزیر اعلیٰ مریم نواز کراچیوں میں کمی کروانے کی خود مانیٹرنگ کر رہی ہیں

پٹرول و ڈیزل سستا ہونے کا ریلیف مسافروں تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی طرف سے پٹرول

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12



لاہور، جشن عید میلاد النبیؐ کا مرکزی جلوس ریلوے اسٹیشن سے نکالا جا رہا ہے

پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے رہنما غلام محی الدین دیوان کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا

لاہور تقریب میں گئے تھے واپس نہیں آئے، عظمیٰ فون پر بات کرائی گئی، پولیس نے اغوا کیا، اہلیہ کا دعویٰ

مظفر آباد (این این آئی) پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے شعبہ غلام محی الدین دیوان کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا ہے۔ اہلیہ عائشہ محی الدین نے ایک ویڈیو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

منکی پاکس کا کیس سندھ میں تاحال رپورٹ نہیں ہوا، ڈاکٹر غدر افضل پیچوہو

اس سال چین کو دنیا کے 140 کیسز سامنے آئے ہیں، عید میلاد اور ونگی کی صورتحال بہتر ہے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) وزیر صحت سندھ ڈاکٹر غدر افضل پیچوہو نے کہا ہے کہ منکی پاکس کا کیس سندھ میں تاحال رپورٹ نہیں ہوا، کراچی میں پریس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

2 لاپتہ بھائیوں کے شناختی کارڈ بلاک کر دیے: نادرا کی سندھ ہائیکورٹ میں رپورٹ جمع

دونوں لاپتہ بھائیوں کے اہلی خانہ کو حکومت کی جانب سے معاونت دیا جا رہا ہے، سرکاری وکیل

کراچی (این این آئی) دو بھائیوں سمیت 14 لاپتہ افراد کی بازیابی کے لیے دائر درخواستوں کی سماعت کے دوران نادرا نے ابتدائی رپورٹ میں کہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

چائنہ پر پیکنگ بیورو میں پروڈکٹ پانے والے دو جوڑوں کے نکاح کی تقریب

لاہور (این این آئی) ہیپی ہزبینڈ سارہ احمد کی قیادت میں ایک اہم اور احسن اقدام کے تحت چائنہ پر پیکنگ بیورو میں پروڈکٹ پانے والے دو جوڑوں کے نکاح کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر ہیپی ہزبینڈ سارہ احمد نے بتایا کہ یہ پہلا موقع ہے جب بیورو میں پروڈکٹ پانے والے دو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

ناموس رسالتؐ پر ہماری جان اور مال سب قربان ہے، چوہدری سالک حسین

حضور پاکؐ کی تعلیمات ہمیں اخلاقیات، خود احتسابی اور مساوات کا درس دیتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور بین الملل امور ہم آہنگی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ ناموس رسالتؐ پر ہماری جان اور مال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

نواز شریف کی 21 ستمبر کو پاکستان آمد، مریم نواز کا استقبال کرنے کا اعلان

نواز شریف کی آمد کے موقع پر لاہور ایئرپورٹ پر بڑے اجتماع کا انتظام کیا جا رہا ہے، مریم نواز

لاہور (خبر نگار) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے اعلان کیا ہے کہ 21 ستمبر کو نواز شریف کی آمد کے موقع پر لاہور ایئرپورٹ پر بڑے اجتماع کا انتظام کیا جا رہا ہے، مریم نواز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

حکومت کے پاس سوائے عوام کو تکلیف دینے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

مجوزہ آئینی ترمیم پاس کرانے کے لیے حکومت نے جو طریقہ کار اور جتن اختیار کیے قابل مذمت ہیں

راولپنڈی معاہدے پر عملدرآمد نہ ہوا تو 23 ستمبر کو لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ مجوزہ آئینی ترمیم پاس کرانے کے لیے حکومت نے جو طریقہ کار اور جتن اختیار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17



لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سابقہ ٹرانسپورٹ ملازمین اور پی ٹی آئی ورکرز کا وزیر اعلیٰ کے خلاف مظاہرہ

نعرے بازی کرتے مظاہرین نے وزیر اعلیٰ پر روزگار چھیننے کا الزام عائد کیا

بنوں (این این آئی) بنوں میں پی ٹی آئی ورکرز اپنے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کے خلاف میدان میں آگئے۔ وزیر اعلیٰ کے خلاف نعرے بازی کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

آپریشنل مسائل اسلام آباد، لاہور کوئٹہ، ملتان اور دبئی کی 8 پروازیں منسوخ

ملتان سے دبئی کی پی ٹی آئی اے کی 2 پروازیں پی کے 221 اور 222 منسوخ کر دی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) آپریشنل مسائل کے باعث اسلام آباد، لاہور، کوئٹہ، ملتان اور دبئی کی 8 پروازیں منسوخ کر دی گئیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

عید میلاد النبیؐ کے جلوس میں شریک ہیں



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان جشن عید میلاد النبیؐ کے جلوس میں شریک ہیں

انٹرا پارٹی انتخابات کیس: پی ٹی آئی کو دستاویزات جمع کرانے کی مہلت

5 سال کے بعد انٹرا پارٹی انتخاب کروائے، اس کے نتائج مگتھتاوں گے، مبصر فہیم پختونخوا، اکرام اللہ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انٹرا پارٹی انتخابات کیس میں پی ٹی آئی کو دستاویزات جمع کرانے کیلئے مہلت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

’منظوری تو دو ورنہ اسمبلی میں بیٹھ کر نے کی جرات بھی نہیں ہوگی، علی امین گنڈاپور

اسمبلی امن کا پیغام دیتا ہے اور ہم پر امن لوگ ہیں میری دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے دلوں سے نفرتیں نکالے: گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے آئینی ترامیم کی کھل کر مخالفت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

پی ٹی آئی نے بہترین انٹرا پارٹی الیکشن کرائے تھے، بیرسٹر گوہر

پارٹی کا اسٹرکچر موجود ہے، امید ہے 2 اکتوبر کو انٹرا پارٹی الیکشن کا معاملہ حل ہو جائے گا: گنڈاپور

اسلام آباد (این این آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے بہترین انٹرا پارٹی الیکشن کرائے تھے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

پی ٹی آئی کے 21 ستمبر کے جلسے سے قبل پولیس کا کریک ڈاؤن شروع

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے 21 ستمبر کے جلسے سے قبل پولیس کا کریک ڈاؤن شروع ہو گیا۔ پولیس نے پنجاب اسمبلی میں تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر ملک احتیاز وڑائچ کو گرفتار کرلیا جبکہ پی ٹی آئی کے دیگر رہنماؤں اور تحریک کارکنوں کے گھروں پر بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

ایک اور آئی پی پی بجلی کے پیداواری نرخوں میں کمی پر تیار

وزارت توانائی کو خوشخبری، پاور پروڈیوسر معاہدے کی شراکت میں تبدیلی کیلئے بات چیت پر آمادگی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) ایک اور انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسر (آئی پی پی) بجلی کے پیداواری نرخوں میں کمی پر تیار ہو گیا۔ ایک جنرل لیٹڈ نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

کوئی شک نہیں 26 اکتوبر کو اگلے چیف جسٹس منصور علی شاہ ہوں گے، بلاول بھٹو

کون سی دنیا میں عدالت کہتی ہے ٹماٹر، آلو کی قیمت درست کریں گے، دنیا میں کون سی عدالت ڈیم بناتی ہے

کوشش ہوگی کہ اٹھارہویں ترمیم میں جوڈیشل اپائنٹمنٹ کا جو طریقہ رکھا تھا اسے بحال کیا جائے، انٹرویو



لاہور، صوبائی وزیر صنعت چوہدری شافع حسین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز





ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ٹھوکر نیاز بیگ انٹری پوائنٹ پر دورہ کے موقع پر ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

ٹھوکر نیاز بیگ انٹری پوائنٹ کو خوبصورت اور کشادہ بنایا جا رہا ہے، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

منصوبے کی تکمیل سے موٹروے اور ملتان روڈ سے آنے جانے والے ٹریفک کو روانی میں بڑی سہولت ملے گی، ڈی جی ایل ڈی اے

تعمیراتی کاموں کے دوران ایس او پیز کے مطابق سائیٹ یقینی بنائی جائے، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت



پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بیرسٹر سلطان باجوہ ایل ڈی اے کے محکمانہ امور کے متعلق بریفنگ لے رہے ہیں

بیرسٹر سلطان باجوہ کو ایل ڈی اے کے تمام ونگز کی ورکنگ کے متعلق بریفنگ دی گئی

پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بیرسٹر سلطان باجوہ کا ایل ڈی اے کا دورہ

لاہور (خبر نگار) پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بیرسٹر سلطان باجوہ نے ایل ڈی اے آفس جوہر ٹاؤن کا دورہ کیا، اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ہاؤسنگ ڈاکٹر ذیشان جاوید نے پارلیمانی سیکرٹری کو ادارے کی مختلف ذیلی اتھارٹیز کے بارے میں بریفنگ دی، پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بیرسٹر سلطان باجوہ نے ایل ڈی اے کے تمام ونگز کی ورکنگ کا جائزہ لیا، اجلاس کو بتایا گیا کہ ایل ڈی اے کی ویب سائٹ پر ہاؤسنگ سکیموں کی تمام معلومات اپ لوڈ کر دی گئی ہیں،

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3)19 ستمبر 2024ء

اگوکی میں ایل پی جی ریفلنگ دو کانیں تباہی کا پیش خیمہ

بڑے پیمانے پر آتشگیر مادوں پیٹرول، ایل۔ پی۔ جی گیس کی ریفلنگ کے دوران ابتک 3 اچانک لگنے والی آگ اور حادثات کے دوران شیر خوار بچی کے باپ کی ہلاکت اور متعدد دوکاندار و شہری جھلس کر زخمی ہو چکے



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) دوکانوں، کثیر المنزلہ مارکیٹ کے گراؤنڈ فلورز اور گنجان آباد محلوں کے درمیان بڑے پیمانے پر آتشگیر مادوں پیٹرول، ایل۔ پی۔ جی گیس کی ریفلنگ کے دوران ابتک 3 اچانک لگنے والی آگ اور حادثات کے دوران شیر خوار بچی کے باپ کی ہلاکت اور متعدد دوکاندار و شہری جھلس کر زخمی ہو چکے ہیں جبکہ اکا دکا مقدمہ کے بعد دوبارہ سول ڈیفنس آپریشنگ آفیسر و فیلڈ عملہ کی مبینہ سہولت کاری سے مکروہ دھندے میں ملوث ایک جگہ سے یہ ریفلنگ دوکانیں کسی دوسری مارکیٹ میں شفٹ ہو جاتی ہیں۔ چیمہ ایل۔ پی۔ جی فلنگ اسٹیشن و گھمن فلنگ اسٹیشنز وغیرہ میں سابق اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ سونیا صدف کی تعیناتی کے دوران 3 سے 4 گھنٹے بعد ریسکیو سروسز 1122 نے آگ پر قابو پایا تھا اور کولنگ کے عمل کے بعد نوجوان دوکاندار کی مسخ شدہ لاش باقی ماندہ سلنڈرز کے درمیان پھنسی ہوئی برآمد ہوئی تھی۔ ان غیر قانونی ریفلنگ دوکانوں بابت شہریوں اور ہمسایہ دوکانداروں و محلہ کا کہنا ہے کہ سول ڈیفنس سیالکوٹ آفس عملہ ہر 15 دن اور 1 ماہ بعد آتا ہے اور منتھلی لیکر چلا جاتا ہے جس کی وجہ سے اگوکی، ماڈل ٹاؤن، رحیم پور، ڈوگرانوالہ، ویریم، ویریم کالونی، جلیانوالہ و تین مرلہ سکیم موماں خورد روڈ، موماں کلاں گاؤں، ملک شاہ ولی مزار کے اطراف و مضافاتی علاقوں میں زکریا رحمانی کی زیر سرپرستی ایل۔ پی۔ جی اور پیٹرول ڈسپنسر و کھلے پیٹرول کا خطرناک دھندہ جاری ہے۔

سول سوسائٹی، وکلاء سمیت عام شہری و متاثرین۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سمیت ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب و ارباب اختیار و وزارت پیٹرولیم حکام سے اس بارے ایکشن لینے کی اپیل کرتے ہیں۔

تھانہ الہ آبادی پولیس کھیلوں کے فروغ میں رکاوٹ، قومی وثقافتی کھیل کبڈی کو روک دیا

ایس ایچ او تھانہ الہ آباد نے شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بن کر میلہ بابا گورے شاہ کبڈی میچ رکوانے کے لئے رپورٹ لکھ کر وفاداری ثابت کر دی



الہ آباد (نامہ نگار) تھانہ الہ آباد کی پولیس کھیلوں کے فروغ میں رکاوٹ، قومی وثقافتی کھیل کبڈی کو روک دیا، ایس ایچ او تھانہ الہ آباد عابد محمود چھینہ نے شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بن کر میلہ بابا گورے شاہ کبڈی میچ رکوانے کے لئے رپورٹ لکھ کر وفاداری ثابت کر دی۔ دیہاتی علاقے کے مقبول اور ثقافتی کھیل کبڈی کو سیاست کی بھینٹ چڑھا دیا عوام کو ایک بہترین تفریحی کھیل سے محروم کر دیا سالانہ عرس بابا گورے شاہ الہ آباد میں ڈسٹرکٹ کو کبڈی میچ جیسے انٹرنیشنل سے محروم کر کے ثقافتی کھیل کے فروغ کو نقصان پہنچایا ہے۔ عرس کی انتظامیہ نے مزید بتایا کہ تمام قانونی کارروائی کے کاغذات بھی لف ہیں پولیس رپورٹ برائے کبڈی ٹینٹل کہنے جانے بہانہ بوجہ نقص امن کبڈی میچ نہ کروائے جانے کی رپورٹ بھی سراسر علاقہ مکینوں کے ساتھ زیادتی ہے جبکہ انتظامیہ کی عرس مبارک کی اجازت ہونے کے باوجود کبڈی میچ کو پی ٹی آئی جلسہ سمجھ کر رکوا دیا۔ جبکہ عرس انتظامیہ کی کسی سیاسی جماعت سے وابستگی نہیں۔ کبڈی میچ رکوانا الہ آباد اور اس کے گردو نواح کے علاقوں کے لوگوں کے ثقافتی عرس اور کبڈی میچ میں پہلے کبھی جھگڑا نہیں ہوا

شادی خانہ آبادی

دختر نیک اختر محمد اصغر کی شادی میں سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) معروف انشورنس کمپنی کی ایمپلائی حفصہ رانی کی شادی محمد علیم کیساتھ ڈسکہ کی نجی مارکی میں انجام پائی۔ حفصہ رانی معروف ہوٹل مالکان محمد اصغر کی صاحبزادی اور محمد عظیم و محمد عمران کی ہمشیرہ ہیں۔ شادی کی تقریب میں دولہا دلہن کے عزیز و اقارب کے ساتھ ایگزیکٹو ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس سیالکوٹ محمد سلیم بھٹہ، ممبر میڈیا کمیٹی ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید، ایل۔ پی۔ ڈی۔ آئی سیالکوٹ کو آرڈینیٹر رانا امجد علی، سنیئر صحافی محمد عمر بٹ، عرفان عفی، انشورنس کمپنیوں سے تعلق رکھنے والی میڈم عائشہ، میڈم ایمل بٹ، میڈم کنزہ سمیت عمائدین ڈسکہ سیالکوٹ نے شرکت کی اور دلہن کو دواؤں میں رخصت کیا۔

ڈکیتی مزاحمت یا جائیداد کا لالچ، بزرگ کو نامعلوم افراد نے گھر میں پراسرار طور پر قتل کر دیا



الہ آباد (نامہ نگار) ڈکیتی مزاحمت یا جائیداد کا لالچ، بزرگ کو نامعلوم افراد نے گھر میں پراسرار طور پر قتل کر دیا، محلہ کنیر کینڈا کالونی چونیاں میں بزرگ رمضان گھر میں اکیلا تھا کہ ملزمان نے تشدد کر کے قتل کیا کر دیا۔ مقتول رمضان کے قریبی رشتہ دار باپ بیٹا ملنے کیلئے آئے، دروازے کھلے دیکھے تو اندر جا کر دیکھا تو مقتول رمضان کا کپڑے سے منہ بھی باندھا ہوا تھا۔ اسلم کے والد نے بتایا کہ ہم نے سمجھا کہ رمضان بے ہوش ہے جو پہلے بھی مریض تھا جب بیڈ پر لٹایا تو سانس نہیں چل رہے تھے تشدد کے نشانات بھی تھے بیٹے اسلم کو کہا 15 پر کال کر کے پولیس کو اطلاع دو سٹی پولیس نے میرے بیٹے کو ہی گرفتار کر لیا۔ مقتول کے ورثاء نے کہا رمضان کا موبائل، نقدی بھی غیب ہیں جبکہ ملزمان ایل سی ڈی آتار کر باتھ روم میں رکھ گئے۔ سٹی پولیس چونیاں نے لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹمارٹم کیلئے تحصیل ہسپتال چونیاں منتقل کیا اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

معمولی تلخ کلامی بات فائرنگ تک جا پہنچی محلہ ہٹھاڑ چونیاں میں معمولی تلخ کلامی پر دوست نے دوست پر ہی فائرنگ کر دی

الہ آباد (نامہ نگار) معمولی تلخ کلامی بات فائرنگ تک جا پہنچی، محلہ ہٹھاڑ چونیاں میں معمولی تلخ کلامی پر دوست نے دوست پر ہی فائرنگ کر دی، نوجوان شہزاد شدید مضروب، ڈیوٹی ڈاکٹر نے تشویشناک حالت کے پیش نظر لاہور ریفر کر دیا مضروب کے بھائی نے بتایا کہ ملزمان اورنگزیب، یاسر، سہیل اور دیگر کی ایک دن قبل بھی مضروب شہزاد سے جھگڑا ہوا تھا۔ سٹی پولیس کا کہنا ہے جھگڑا لڑکی سے شروع ہوا جو فائرنگ تک جا پہنچا تاہم ابھی تک کوئی ملزم گرفتار نہیں ہوا۔ تھانہ سٹی چونیاں پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کئے اور کارروائی کا آغاز کر دیا

ظفروال واپڈا ملازم کی غفلت اور لاپرواہی سے واپڈا کالائن مین نثار احمد جھلس گیا۔ لاہور ریفر کر دیا گیا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) ظفروال محلہ محال جلالپور کا رہائشی نثار احمد عرصہ دراز سے محکمہ واپڈا میں ملازمت کر رہا ہے۔ گذشتہ روز نثار احمد اپنے ساتھی کے ہمراہ شہر میں بجلی کمپلین پر کام کر رہا تھا کہ دوران کام واپڈا کے ملازم نے گریڈ اسٹیشن سے بجلی کی سپلائی آن کر دی جس کی وجہ سے واپڈا ملازم نثار احمد کرنٹ لگنے سے بری طرح جھلس گیا جس کو فوری طور پر THQ ہسپتال ظفروال پہنچایا گیا ادھر فرسٹ ایڈ کے بعد DHQ ہسپتال نارووال ریفر کر دیا گیا مگر DHQ نارووال کے عملہ نے لاہور ریفر کر دیا اب نثار احمد واپڈا ہسپتال میں زیر علاج ہے یہ بھی بتایا جا رہا ہے کہ نثار احمد کو کرنٹ لگنے سے اس کا 50/60 فیصد جسم بری طرح جھلس چکا ہے

جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم شایان شان انداز میں منایا گیا



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ کے پوش علاقے اگوکی ماڈل ٹاؤن میں صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور وسیم فیملی نے اگوکی اور گرد و نواح کے تمام جلوسوں کا اپنی رہائش گاہ کے باہر والہانہ استقبال کیا منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور علماء کرام کو مالا پہنائی گئیں مرکزی جامع مسجد ماڈل ٹاؤن اگوکی میں جلوس پہنچا تو تمام شرکاء کو ظہرانہ دیا۔ بعد ازاں آستانہ عالیہ کولو کے شریف سمبڑیال میں نعت خوانی کا مقابلہ ہوا جس میں نعت خوانوں نے بھرپور انداز میں کلام پیش کیا اس موقع پر فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کے فرزند حسن وسیم نے اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے والے نعت خوانوں میں انعامات تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دی اس موقع پر حسن وسیم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو شایان شان انداز میں منانے کے لیے امت مسلمہ اپنی پوری محبت اور پیار کا اظہار کر رہی ہے وسیم فیملی کی جانب سے امت مسلمہ کو عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں قبل ازیں آفتاب حسین ناگرا ایڈووکیٹ نے تقریب کے آغاز میں آستانہ عالیہ کولو کے شریف سمبڑیال کی دینی خدمات کی تعریف کی اور دینی خدمات کو بے حد سراہا۔

محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کا شرکاء جلوسوں کا پرتپاک استقبال

جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم شایان شان انداز میں منایا گیا

زیر قیادت چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر کپور ریلی کا انعقاد ہوا

شہریوں کی جانب سے جشن میلاد ریلی کا پرتپاک استقبال



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر قیادت تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے ایگزیکٹوز و والینٹرز نے حب روایت کرے کالج روڈ سے 12 ربیع الاول کے مرکزی جلوس و ریلی کی قیادت کے فرائض سرانجام دیئے ریلی نے شہر اقبال کے وسطی قدیمی روایتی راستوں سے گزری جہاں شہریوں کیجانب سے ریلی کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور گل پاشی کی گئی۔ اس موقع پر چوک علامہ اقبال میں واقع پی۔ آر۔ او سول ڈیفنس سیالکوٹ ملک محمد اشرف برادران (چمن فوڈز) و صدر انجمن تاجران ملک صابر محمود آف نرالا سویٹس کیجانب سے حب روایت چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کے قافلے کو روک کر زبردست گل پاشی کی گئی اور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کو چمن فوڈز کے ملک محمد اشرف برادران اور انجمن تاجران ریلوے روڈ ملک صابر محمود کیجانب سے سوینیئر پیش کئے گئے چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے اپنے مختصر خطاب میں ملک برادران سے انکے پرتپاک استقبال اور محبتوں پر اظہار تشکر کیا۔ دوسری جانب ڈپٹی چیف وارڈن حاجی عبدالستار شیروانی ڈپٹی چیف وارڈن محمد ابراہیم، ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر ڈویژن وارڈن 2 مدید احمد بٹ، گروپ وارڈن شیخ نوید احمد اور ڈپٹی گروپ وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید کو سوینیئر پیش کئے گئے۔

وزیر اطلاعات پنجاب کا چوک گھنٹہ گھر کا دورہ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے حلوہ، زردہ اور مٹھائی پر مشتمل تبرک تقسیم کیا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری اور صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق فیصل آباد میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے جلوسوں و محافل کے انتظامی و حفاظتی اقدامات کی نگرانی کے لئے تین دن سرگرم رہے۔ انہوں نے جشن عید میلاد النبی پر چوک گھنٹہ گھر کا دورہ کیا اور جلوسوں کے روٹس پر انتظامات کا جائزہ لیا جبکہ منتظمین سے ملاقات کی۔ انہوں نے موقع پر شرکاء میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے حلوہ، زردہ اور مٹھائی پر مشتمل تبرک تقسیم کیا۔ کمشنر سلوت سعید، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر، سی پی او

ظفروال: جشن میلاد النبی پورے مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا

مرکزی میلاد جلوس ضیاء شہید چوک سے نکالا گیا جس میں اہلیان ظفروال کی کثیر تعداد میں شرکت



ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق مرکزی میلاد کمیٹی ظفروال کے زیر اہتمام مرکزی میلاد جلوس ضیاء شہید چوک سے نکالا گیا جس میں اہلیان ظفروال کے علاوہ جماعت اہل سنت تحریک لبیک انجمن طلبہ اسلام جماعت اصلاح المسلمین سنی تحریک دعوت اسلامی کے علاوہ ہزاروں عاشقان رسول نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر صاحبزادہ عاصم حبیب جماعتی ناظم اعلیٰ مرکزی میلاد کمیٹی نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض ادا کئے جلسے اکرام، مشائخ عظام، خطباء حضرات، آئمہ مساجد کی بڑی تعداد بھی شریک تھی۔ اس موقع پر علمائے اکرام اور مشائخ عظام نے نبء کریم کے میلاد کے موقع پر ہونے والے معجزات اور سیرت نبوی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ صاحبزادہ عاصم حبیب جماعتی نے اپنے خطاب میں کہا کہ نبء کریم سے محبت ایمان کا مرکز و محور ہے۔ آج نبء کریم کا میلاد عاشقان رسول پوری دنیا میں منا رہے ہیں۔ لبوں پر درود و سلام کے ترانے ہیں ہاتھوں میں نعلین والے اور گنبد خضرا والے جھنڈے ہیں۔ اور آمد مصطفے۔ مرحبا مرحبا کے فلک شگاف نعرے مسلمانوں کے جذبات کا اظہار کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر کا ڈی ایچ کیو اور ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ

مریضوں اور قیدیوں میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موقع پر مٹھائی کی تقسیم

حضور نبی کریم ﷺ کی ولادت تمام دنیا کے مسلمانوں کے لیے خوشی کا دن ہے اور اس خوشی کے موقع پر حکومت پنجاب کی جانب سے ہسپتال کے مریضوں اور جیل کے قیدیوں میں مٹھائی کی تقسیم کا اہتمام کیا گیا ہے، میڈیا سے گفتگو



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مریضوں اور جیل کے قیدیوں میں مٹھائی تقسیم کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمداللہ، اسسٹنٹ کمشنر منور حسین، سپرنٹنڈنٹ جیل کامران حیدر اعوان، ہی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عمر شریف رانجھور، ایم ایس ڈاکٹر مقصود ظفر، ڈی ایچ او ڈاکٹر فاتح علی تارڑ بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سپرنٹنڈنٹ جیل کے کے ہمراہ قیدیوں میں مٹھائی تقسیم کی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے میڈیکل وارڈ، سرجیکل وارڈ اور دیگر شعبہ جات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں پر بھی مریضوں میں مٹھائی تقسیم کی اور انکی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی ولادت تمام دنیا کے مسلمانوں کے لیے خوشی کا دن ہے اور اس خوشی کے موقع پر حکومت پنجاب کی جانب سے ہسپتال کے مریضوں اور جیل کے قیدیوں میں مٹھائی کی تقسیم کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ضلعی انتظامیہ اور تمام میونسپل کمیٹیوں کی جانب سے جلوسوں کی گزرگاہوں اور دیگر مقامی مقامات کی صفائی ستھرائی جبکہ سرکاری و نجی عمارتوں شہر کے اہم چوک چوراہوں پر لائٹنگ کا بھی خصوصی بندوبست کیا گیا۔

حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ڈسٹرکٹ جیل اور ہسپتال میں قیدیوں اور مریضوں میں مٹھائی تقسیم کر رہے ہیں۔

ملک بھر کی طرح شیخوپورہ میں بھی جشن میلاد النبی ﷺ جوش وخروش سے منایا گیا

عید میلاد النبی کا جلوس مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا بتی چوک پہنچ کر ایک بڑے جلسہ کی شکل اختیار کر گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ملک بھر کی طرح شیخوپورہ میں بھی جشن میلاد النبی ﷺ جوش وخروش سے منایا گیا، مرکزی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام شیخوپورہ میں بھی میلاد النبی ﷺ کا جلوس میلاد چوک سے نکالا گیا جو اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا بتی چوک پہنچ کر ایک بڑے جلسہ کی شکل اختیار کر گیا جلوس کی قیادت مرکزی میلاد کمیٹی کے صدر رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری اور جے یو پی کے ضلعی صدر حاجی طاہر جاوید نقشبندی، ڈاکٹر قاری فیاض الحسن جمیل الازہری، پیر سلطان فیاض الحسن، میاں ولید احمد شرقپوری، پیر محمد طیب، قاری عابد حسین رضوی، قاری محمد اقبال قاسمی، قاری غلام مصطفیٰ قادری، مولانا کرامت نقشبندی، حکیم شیر اسلم قادری، صاحبزادہ کامران طاہر نقشبندی، چوہدری علی احمد صابر و دیگر رہنماؤں نے کی۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث کے زیر اہتمام ریگل چوک میں میلاد کانفرنس کا انعقاد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جشن آمد رسول ﷺ کے حوالے سے مرکزی جمعیت اہلحدیث کے زیر اہتمام ریگل چوک میں کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس سے سینیٹر پروفیسر ساجد میر، سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم، مولانا عبدالباسط شیخوپوری، چوہدری کاشف محمود رندھاوا و دیگر علماء کرام نے خطابات کئے جماعت اہلسنت جہانگیر بازار میں منعقدہ سیرت کانفرنس میں جلد علماء کرام و مشائخ عظام نے شرکت کی جبکہ مین بازار میں ہونے والی پیغمبر انقلاب کانفرنس سے علامہ محمد احمد لدھیانوی، مولانا اورنگزیب فاروقی، مولانا اشرف طاہر و دیگر علماء کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرت النبی ﷺ ہی ہمارے تمام مسائل کا حل پیش کرتی ہیں آپ کائنات میں جو مشن لیکر آئے اسے اختیار کرنے کی ضرورت ہے علاوہ ازیں ضلع بھر کی سینکڑوں مساجد میں سیرت النبی ﷺ کانفرنسز و محافل نعت منعقد کی گئیں۔

ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور کا سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے خلاف ایکشن

غیر حاضر اور ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں سے وضاحت طلب کر لی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور کا سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے خلاف ایکشن، غیر حاضر اور ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں سے وضاحت طلب کر لی۔ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیاء ضروریہ کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ میں نکلیں اور ناجائز منافع خوری میں ملوث دوکانداروں کے خلاف کاروائی عمل میں لائیں۔ انہوں نے یہ بات ڈی سی آفس میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں ضلع بھر کے پرائس مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور نے کہا کہ عام آدمی کو مہنگائی سے چھٹکارہ دلانا موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیگر اشیاء صرف کے ساتھ ساتھ نان اور روٹی کی قیمتوں کو لازمی چیک کیا جائے۔ اجلاس کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ 12 ستمبر سے 17 ستمبر تک ضلع ساہیوال میں 4230 انسپکشنز کی گئیں

علمی وادبی سرگرمیاں امن وسکون کا باعث بنتی ہیں، چوہدری کاشف ریاض

18 کتب کے خالق پروفیسر ڈاکٹر محمد افتخار شفیع کو کمال فن ایوارڈ دینے کی تقریب سے خطاب



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) علمی وادبی سرگرمیاں معاشرے میں انتشار ختم کر کے امن وسکون کا باعث بنتی ہیں جو کاروباری فروغ کے لیے ضروری ہے یہ باتیں چوہدری کاشف ریاض صدر چیمبر آف کامرس نے 18 کتب کے خالق پروفیسر ڈاکٹر محمد افتخار شفیع کو کمال فن ایوارڈ دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ساہیوال چیمبر ہال میں کہیں انہوں نے مزید کہا کہ افتخار شفیع کی تخلیقات سے ساہیوال شہر کا نام ادبی میدان میں بلند ہوا ہے ڈائریکٹر آرٹس کونسل سید ریاض ہمدانی نے کہا کہ زندہ قومیں اپنے شاعر اور تخلیق کاروں پر فخر محسوس کرتی ہیں افتخار شفیع نے اپنے معیاری کام کے سبب بین الاقوامی سطح پر اپنی پہچان بنائی ہے تقریب کے مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر افتخار شفیع نے صدر چیمبر آف کامرس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں ادب دوست ہونے کا ثبوت دیا ہے معروف صحافی امتیاز احمد بٹ نے کہا پروفیسر افتخار شفیع کی تخلیقات کو عالمی سطح پر بے پناہ پذیرائی ملی ہے مگر آج پہلی بار ساہیوال میں ان کی علمی و ادبی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے تقریب میں ممبران چیمبر آف کامرس کے علاوہ مختلف مکاتب فکر کے افراد نے شرکت کی

حضور نبی آخر الزماں جو نظام لے کر آئے اس کے عملی نفاذ تک وطن عزیز بحرانوں سے آزاد نہیں ہو سکتا، حاجی محمد الیاس

جشن آمد رسول کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی زندگیاں نبی اکرم کی تعلیمات کے مطابق بسر کریں، 12 ربیع الاول کے موقع پر خطاب



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) چناب کلب میں 12 ربیع الاول کے موقع پر صدر انجمن اسلامیہ پرویز خالد شیخ بیکر ٹری چناب کلب مہر عبدالروف، امید وار بیکر ٹری ڈاکٹر عمران، معروف سماجی شخصیت حاجی محمد الیاس نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور نبی آخر الزماں جو نظام لے کر آئے اس کے عملی نفاذ تک وطن عزیز بحرانوں سے آزاد نہیں ہو سکتا۔ مصطفوی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر مسلمان آج اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کر سکتے ہیں جشن آمد رسول کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی زندگیاں نبی اکرم کی تعلیمات کے مطابق بسر کریں سیرت مصطفیٰ کو اپنانے سے ہی معاشرے میں امن آئے گا عالم اسلام کو چاہیے کہ ہر مقام پر نبی کریم کی سیرت، تعلیم اور تاریخ کی نمائندگی اور ترجمانی کرے۔ نبی کریم ﷺ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی ولادت کی خوشیاں منانے والے دنیا و آخرت میں سرخرو ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماہ ربیع الاول میں پورا عالم اسلام نبی کریم ﷺ کی ولادت کی خوشی میں مسرور ہوتا ہے میلاد شریف پر خوشیاں منانے والوں کو دائمی مسرتیں نصیب ہوتی ہیں۔ پیارے آقا ﷺ کی سیرت پاک کی روشنی میں ہمیں اپنی زندگیوں کو ڈھالنا ہوگا تقریب کے اختتام پر ملکی ترقی سلامتی واستحکام، ملکی معاشی مشکلات کے جلد حل اور پاکستان میں نظام مصطفیٰ کے عملی نفاذ کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

جہلم ماحولیاتی آلودگی کے دہانے پر، سماجی تنظیموں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) ضلع جہلم ماحولیاتی آلودگی کے دہانے پر۔ روزانہ کئی ٹن کوڑا اکٹھا ہوتا ہے جس کا صرف 50 فیصد میونسپل کمیٹی کا عملہ اٹھا پاتا ہے، انسانی حیات کے لئے سب سے خطرناک پلاسٹک بیگز ہیں ان خیالات کا اظہار شہر کی سماجی رفاہی، فلاحی، مذہبی تنظیموں کے عمائدین نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کوڑا ہوا کے ذریعے گلی محلوں میں پھیل جاتا ہے اور انسانی صحت کے لئے نقصان دہ ثابت ہو رہا ہے، شہریوں نے بتایا کہ پلاسٹک بیگز کی عمر 5 سو سال سے بھی زیادہ ہوتی ہے، پلاسٹک بیگز میں اشیائے خورد ونوش کی فراہمی کینسر جیسے موذی امراض کا باعث بنتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ضلع بھر میں شاپر بیگز کی فروخت اور استعمال پر پابندی عائد کروائی جائے تا کہ ماحولیاتی آلودگی پر قابو پایا جا سکے۔

سلائی مشین میں پڑے کیر سین آئل کو آگ لگ گئی، لاکھوں کا نقصان

ایک کروڑ روپے مالیت کے سامان کو نزر آتش ہونے سے بچا لیا گیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ شیر ربانی ٹاؤن میں واقع سلائی مشین بنانے والے پلانٹ میں پڑے کیر وسین آئل کو آگ لگ گئی، ایک لاکھ روپے مالیت کا سامان جل کر راکھ ہو گیا جب کہ ایک کروڑ روپے مالیت کے سامان کو نزر آتش ہونے سے بچا لیا گیا امدادی ٹیمیوں نے آگ پر قابو پا لیا بتایا گیا ہے کہ اوکاڑہ شہر کے شیر ربانی ٹاؤن میں واقع سلائی مشینوں کے پلانٹ میں آگ لگ گئی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق آگ پلانٹ میں استعمال ہونے والے کیر وسین آئل میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگی۔ زرائع آگ نے پورے ہال کو لپیٹ میں لے لیا۔ اطلاع ملنے پر امدادی ٹیمیں اور فائر وہیکلز فوراً جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ امدادی ٹیموں نیجارحانہ حکمت عملی اپناتے ہوئے ایس سی بی اے کے ذریعے انٹری کرتے ہوئے فائر فائٹنگ شروع کر دی۔ امدادی ٹیموں کی بروقت کارروائی کی وجہ سے 10 منٹوں میں آگ کے شعلوں پر قابو پا لیا گیا۔ جبکہ کولنگ کو عمل کا عمل مکمل کر لیا۔ اور ایک کروڑ روپے مالیت کا سامان نزر آتش ہونے سے بچا لیا گیا#

تھانہ باغبانپورہ میں ایس ایچ او (محمد یوسف) کی پہلی تعیناتی

اپنے علاقے کو امن کا گہوارہ بنانے کی ہر ممکن کوشش کروں گا، میڈیا سے گفتگو

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) تھانہ باغبانپورہ میں ایس ایچ او (محمد یوسف) کی پہلی تعیناتی۔ اوسٹی پولیس آفیسر رانا آیاز سلیم کے مخبثات فروشوں اور چوروں ڈاکوؤں کو قبیل ڈالنے کے دیے ہوئے احکامات کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ ایس ایچ او تھانہ باغبانپورہ (محمد یوسف) نے اے ایس آئی ساجان رانا عمران مطلوب۔ رفاقت چیمہ۔ اظہر باجوہ۔ ارشاد اللہ اے ایس آئی اور دیگر بہار پولیس پارٹی کے ساتھ مل کر بدنامے زمانہ مخبثات فروش ندیم اشفاق مسیح کو 14 سو گرام مخبثات سمیت گرفتار کر لیا۔ تھانہ باغبانپورہ کی حدود میں سٹریٹ کرائم میں ملوث دو 2 عدد گینگ کے سرغنا اسامہ اور عدنان سے آٹھ 8 عدد موٹر سائیکل اور نقدی برآمد کرنے کے بعد پابند سلاسل کر لیا۔ ایس ایچ او تھانہ باغبانپورہ (محمد یوسف) کا کہنا ہے کہ انشاء میں ہر ممکن کوشش کروں گا کہ تھانہ باغبانپورہ کی حدود سے سٹی پولیس آفیسر رانا آیاز سلیم کے ویژن کے مطابق مخبثات فروشوں چوروں ڈاکوؤں اور سٹریٹ کرائم میں ملوث تمام عناصر کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی کر کے۔ ان کو کیفر کردار تک پہنچاؤ اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بناؤ گا۔ اہل علاقہ سے بھی کہوں گا کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں جرائم پیشہ افراد کی نشان دہی کریں تا کہ جرائم پیشہ عناصر جرم کرنے سے پہلے ہزار بار سوچیں۔

##

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے بلند آہنگی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آج کا جشنِ میلاد النبی اور امت کا باہمی نفاق وانتشار

محسنِ انسانیت، سرورِ کائنات، خاتم النبیین رحمۃ للعالمین" آقائے دوجہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یوم ولادت باسعادت آج مکہ بھر اور پوری مسلم دنیا میں سرشار محبت وعقیدت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے نئی جوش وجذبے سے منایا جارہا ہے۔ مسلمان عالم 12 ربیع الاول کا دن آتے ہی نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ محبت وعقیدت کے اظہار کے لیے عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حبِ رسول، میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے محبوب ترین نام محمد، احمد، محمود، مصطفیٰ، مجتبیٰ اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حبِ رسول، میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منا رہا ہے۔ آج ملک بھر میں عام تعطیل ہے، الٹر پنٹ الیکٹرانک میڈیا نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خراجِ تحسین وعقیدت پیش کرنے کے لیے خصوصی اجلاس اور پروگراموں کا اہتمام کیا ہے جبکہ سرکاری وغیر سرکاری سطح پر جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں حرمت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے مرنے کے جذبے کا اعادہ اور عقیدہ ختم نبوت کو اجاگر کیا جائے گا۔

وقتی اور صوبائی سطحوں کی جانب سے اس بار شان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اجاگر کرنے اور تحفظ ختم نبوت کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز رحمۃ للعالمین اتھارٹی کو فعال کیا گیا جس کا مقصد نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوہ حسنہ کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دینا اور عقیدہ ختم نبوت پر کوئی آنچ نہ آنے دینا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ دنیا وہ یہود ونصاریٰ کے گٹھ جوڑ پر مبنی الحادی قوتوں اور شاتمانِ رسول کی جانب سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخیوں میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جاتی۔ کبھی گستاخانہ خاکوں اور کلمات کے ذریعے تو کبھی بے پر کی آفواہ اڑا کر دنیا میں مسلمانوں کے عقیدے کو ختم نبوت کو پہنچنے والے طعون وتشنیع کی سپر بھی کسے کام لیے گئے مذہبی جذبات عروج کے پہنچ جاتے ہیں۔ پانچ سال قبل عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موقع پر بھارتی پنجاب کورٹ نے باہری مسجد کی جگہ رام مندر کی تعمیر کا جانا طانہ فیصلہ صادر کیا جس سے مقدس ترین رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیروکاروں کے جذبات عروج کر آرہا ہیں اور امت کا انتشار پیدا ہوا جس کے مسلمانوں پر دہشت گردی کا لیبل لگانے کے لیے مزید راہ ہموار ہوئی۔ اسی طرح ڈنمارک میں گستاخانہ خاکوں کا شائع کرنے پر آج تک فرانسیسی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنے کا تقاضا کیا گیا۔ اسی طرح ترک صدر اردوان اور اداروں سے مسلمانوں کو باہر کی شان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین کی جانب سے بھی فرانسیسی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنے کا تقاضا کیا گیا۔ اسی طرح سعودی عرب، ایران، ترکیہ، پاکستان سمیت دنیا کے ایک درجن سے زائد ممالک نے فرانسیسی سفیروں کو احتجاجاً واپس بھیج دیا۔ یہ وہ کام تھے جو ایک ارب مسلمانوں کو بہت پہلے کرنے تھے تھے۔ لیکن وجہ یہ کہ ہم ہاتھ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے اور بعد کے زمانوں کا تقابل کریں تو ہم دیکھتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد انسانیت کلیتاً ایک دور میں داخل ہوگئی۔ ایک ایسا دور جس میں شعور آگہی، تہذیب وتمدن اور اعلیٰ انسانی اقدار کے فروغ، قیام اور استحکام کے وہ نظائر ملتے ہیں



نہ ہی کریم، تاجدار انبیاء، خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مبارک سیرت ہی ہمارے لیے بہترین نمونہ اور ہدایت ہے۔ زندگی کا کوئی بھی معاملہ ہو ہمارے لیے ہدایت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک سیرت پر عمل سے ہی ممکن ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنتوں پر عمل ہی دنیا وآخرت میں نجات ملنی ہے۔ اگر ہم آج مشکلات میں ہیں، تکالیف کا سامنا ہے، زندگی کے مسائل میں الجھے ہوئے ہیں تو اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم ہدایت، رہنمائی، نجات اور فلاح کے اس راستے کو چھلانگ پیچھے چھوڑ چکے ہیں۔ جس راستے پر چلتے ہوئے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے فتوحات کے جھنڈے گاڑے۔ ہم اس راستے پر دوڑنے میں مصروف ہیں جو مغرب کی طرف لے کر جاتا ہے اور وہ راستہ تاجدار انبیاء خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مبارک سیرت پر عمل کا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا جسے: "کسی مسلم رسول اللہ کی پیروی ہی ہمارے لیے کل کے اللہ اور پچھلے دن امید رکھتا ہو اور رسول اللہ کو بہت یاد کرے۔

یہی آج ہے سوچنا اور دیکھنا ہے کہ کیا ہم عملی زندگی میں اللہ تعالیٰ اور اللہ کے رسول کی پیروی کررہے ہیں۔ ہم کاروبار کریں، ہم ملازمت کریں، ہم حکومت کریں، ہم استاد بنیں، شخصیت والدین، رشتہ داروں کے ساتھ برتاؤ، ہمسائے سے تعلقات، بہن بھائیوں سے میل جول، اگر کوئی زیادتی کرے تو ہمارا ردعمل کیا ہے، اگر کوئی نقصان پہنچائے تو ہمارا جواب کیا ہے، اگر کوئی اذیت دے تو ہم جواب کیا دیتے ہیں۔ کیا ہم کوئی کام کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک سیرت پر عمل کرتے ہیں۔ اگر کوئی سائل ہے اس سے کیا برتاؤ کرتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ میں نے دس سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت کی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی بھی مجھے اف تک نہیں کہا، نہ ہی کبھی یہ فرمایا کہ تم نے یہ کام کیوں کیا اور نہ ہی کبھی یہ فرمایا کہ تم نے یہ کام کیوں نہیں کیا۔ کیا آج ہمارے رویئے ایسے ہیں، کیا ہمارے ماتحت کام کرنے والے ظلم وستم سے محفوظ ہیں۔ کیا ہمارے ماتحت کام کرنے والے خدمت لینے والے ذمہ داریاں عہدہ واحسن طریقے سے نبھاتے ہیں۔ کیا ماں، زمین کو بیان نہیں کرتا ہے۔ حدیث شریف میں وارد ہے (ترجمہ) یعنی: "میں اس حدیث مبارکہ پر اور زیادہ کیا تبصرہ کروں کہ ہر نبی کریم کی سنت کی تائید کرنے میں اس سے سخت ترکوئی چیز نہیں



ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی: پاکستان نے کانسی کا تمغہ جیت لیا

کھیل کے دوسرے کوارٹر میں کوریا کے ایک کے مقابلے میں پاکستان کا ایک گول تھا لیکن پھر وقت نے پینترا بدلا اور میچ کے تیسرے کوارٹر میں پاکستان نے اکھٹے تین گول داغ دیے

لاہور (شیروز میاں سے) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں تیسری پوزیشن کے لیے کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے کوریا کو دو کے مقابلے میں پانچ گول سے شکست دے کر ایونٹ میں کانسی کا تمغہ حاصل کرلیا۔ دوسری جانب سنسنی خیز مقابلے کے بعد انڈیا نے میزبان ٹیم چین کو فائنل میں ہرا کر ایونٹ اپنے نام کرلیا۔ انڈیا نے چین کے صفر کے مقابلے میں ایک گول کرکہ فائنل جیتا۔ انڈیا کی جانب سے میچ کے چوتھے اور آخری کوارٹر میں جگراج سنگھ نے گول سکور کیا جبکہ میزبان ٹیم کوئی بھی گول نہ کرسکی۔ اس سے قبل پیر کو سیمی فائنل میں پاکستان کو میزبان ٹیم چین سے شکست ہوئی تھی جبکہ کوریا کو انڈیا نے ہرا کر فائنل کے لیے کوالیفائی کیا تھا۔ یہ سری پوزیشن کے لیے کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے پانچ شاندار گول سکور کیے جبکہ کوریا کی ٹیم صرف دو گول ہی بنا سکی۔ کھیل کے دوسرے کوارٹر میں کوریا کے ایک کے مقابلے میں پاکستان کا ایک گول تھا لیکن پھر وقت نے پینترا بدلا اور میچ کے تیسرے کوارٹر میں پاکستان نے اکھٹے تین گول داغ دیے۔



چیمپئنز کپ؛ شاداب کی شاہین سے لڑائی نے توجہ حاصل کرلی، ویڈیو وائرل



فیصل آباد (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز ون ڈے کپ میں لائنز اور پینتھرز کے درمیان میچ میں شاداب خان کی شاہین آفریدی کیساتھ ہونے والی لڑائی نے توجہ حاصل کرلی۔ گزشتہ روز اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں پینتھرز اور لائنز کی ٹیمیں مدمقابل آئیں جہاں شاداب کی ٹیم 5.46 اوورز میں 283 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی جبکہ ہدف کے تعاقب میں آخری لائنز کی ٹیم محض 199 رنز بنا کر ڈھیر ہوگئی۔ اس میچ میں لائنز کی بیٹنگ کے دوران 29 ویں اوور کے دوران شاداب خان نے شاہین شاہ آفریدی کو گیند کروائی اور تلخ جملے کہے تاہم شاہین نے پرسکون انداز اپنایا اور کوئی جواب نہ دیا جبکہ اگلے اوور میں اسامہ میر نے شاہین کو صفر پر پویلین بھیج دیا۔ اس اوور کے دوران شاداب شاہین کے ساتھ کچھ جھڑپوں میں مصروف تھے، کیونکہ لائنز 284 رنز کے تعاقب میں 156-6 پر جدوجہد کر رہی تھی اور بالآخر 2.35 اوورز میں صرف 199 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔

اسجد اقبال اسنوکر ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے

کوارٹر فائنل میں اسجد اقبال نے چین کے گاؤ یانگ کو 3-4 سے شکست دی



منگولیا (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے اسجد اقبال اسنوکر ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ منگولیا میں کھیلے گئے کوارٹر فائنل میں اسجد اقبال نے چین کے گاؤ یانگ کو 3-4 سے شکست دی۔ اسجد اقبال کی کامیابی کا اسکور 0-76، 64-25، 135-0، 34-81، 64-65، 69-50 اور 50-69 رہا۔ اب سیمی فائنل میں اسجد اقبال قبرص کے مائیکل جارجیو سے مقابلہ کریں گے۔ دوسری جانب پاکستان کے اویس منیر کو کوارٹر فائنل میں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا، انہیں ایران کے علی گرا گزولو نے چار-دو سے شکست دی تھی۔

قذافی سٹیڈیم کے انکلوژر کو گرانے کا کام تیزی سے جاری

لاہور (شیروز میاں سے) قذافی سٹیڈیم لاہور کے انکلوژرز کو بھی گرانے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ چیمپئنز ٹرافی سے قبل 3 وینیوز کی اپ گریڈیشن کا کام شروع کیا گیا ہے جس میں لاہور کا قذافی سٹیڈیم بھی شامل ہے۔ منصوبے کے مطابق قذافی سٹیڈیم لاہور میں سب سے زیادہ تعمیراتی کام کرایا جائے گا جس کے لیے سب سے زیادہ 7 ارب 70 کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ سٹیڈیم کی مرکزی بلڈنگ کو گرا کر بیسمنٹ اور واٹر ٹینک بنانے کا کام 30 ستمبر تک مکمل ہوگا اور اس کے بعد ہر ماہ ایک فلور مکمل ہوگا، 31 دسمبر تک بلڈنگ کھڑی کرنے کا ہدف دیا گیا ہے۔ پراجیکٹ کے مطابق پویلینز کا کام مکمل ہوگا اس سے تماشائی اچھے انداز میں میچز دیکھ سکیں گے، اس کے ساتھ گراؤنڈ کے ڈرین سسٹم کو بھی جدید بنایا جارہا ہے۔

صدر ہاکی فیڈریشن کا آفیشل و کھلاڑیوں کیلئے 100 ڈالر فی کس انعام کا اعلان

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے ایشین چیمپئنز ٹرافی میں بہتر کارکردگی کیساتھ تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر ٹیم آفیشل و کھلاڑیوں کو 100،100 ڈالر کیش پرائز دینے کا اعلان کیا۔ ایونٹ کے دوران انجری ہونے پر قومی ٹیم کے کھلاڑی ابوبکر محمود کیلئے پی ایچ ایف کی جانب سے تمام سہولتوں کے ساتھ علاج کروانے کا بھی اعلان کیا گیا۔ صدر پی ایچ ایف نے کھلاڑیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہماری ٹیم کا کھلاڑی غضنفر علی، جن کے والد دو دن قبل رضائے الٰہی سے انتقال کرگئے تھے، پاکستان ٹیم کی خاطر کھیلنے کا فیصلہ کیا۔

چیمپئنز کپ؛ وکٹ گنوانے کے بعد امام الحق ڈریسنگ روم میں آپے سے باہر

فیصل آباد (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز ون ڈے کپ میں لائنز اور پینتھرز کے درمیان میچ میں شاداب کے ہاتھوں وکٹ گنوانے پر اوپنر امام الحق ڈریسنگ روم میں آپے سے باہر ہوگئے۔ گزشتہ روز اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں پینتھرز اور لائنز کی ٹیمیں مدمقابل آئیں جہاں شاداب کی ٹیم 5.46 اوورز میں 283 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی جبکہ ہدف کے تعاقب میں آخری لائنز کی ٹیم محض 199 رنز بنا کر ڈھیر ہوگئی۔

بھارت نے پانچویں مرتبہ ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی ٹائٹل جیت لیا

چین (سپورٹس ڈیسک) بھارت نے ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کا ٹائٹل پانچویں مرتبہ جیت لیا۔ فیصلہ کن معرکے میں میزبان چین کو ایک صفر سے شکست دے دی۔ مقابلے کا واحد گول فاتح ٹیم نے آخری کوارٹر میں اسکور کیا۔ چین کے شہر ہیولیبیور میں کھیلے گئے ایونٹ کا فیصلہ کن معرکہ میزبان چین اور بھارت کے درمیان تھا۔ چین پہلی مرتبہ ایشین چیمپئنز ٹرافی ہاکی کے فائنل میں پہنچا تھا جس نے اولمپک برانز میڈلسٹ ٹیم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ فائنل کے ابتدائی تین کوارٹر میں دونوں میں سے کوئی ٹیم بھی کوشش کے باوجود گول نہ کرسکی۔

بھارت بنگلا دیش کرکٹ میچز منسوخی کا مطالبہ زور پکڑنے لگا



ممبئی (سپورٹس ڈیسک) بھارت میں بنگلا دیش کے ساتھ بھارت کے کرکٹ میچز منسوخ کرنے کا مطالبہ زور پکڑنے لگا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گوا سے تعلق رکھنے والے ہندو جانا جگرو تی کمیتھی نامی رائٹ ونگ گروپ نے میچز کی منسوخی کا مطالبہ کیا ہے۔ گروپ کا کہنا ہے کہ بنگلا دیش میں ہندوؤں پر جاری مظالم کی وجہ سے بھارت اور بنگلا دیش کے میچز نہیں ہونے چاہئیں۔ گروپ نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت تک میچز نہیں ہونے چاہئیں جب تک مظالم بند نہ ہوں، میچز کی جلد از جلد منسوخی کے لیے بھارتی بورڈ کو خط لکھ دیا ہے۔ بنگلا دیش اور بھارت کے درمیان 2 ٹیسٹ اور 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کھیلی جائے گی، میچز چنائی، کانپور، گوالیار، دہلی اور بھارتی حیدرآباد میں شیڈول ہیں۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ کل سے چنائی میں کھیلا جائے گا، میچز کے دوران کئی مقامات پر مظاہروں کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ بھارت میں بنگلا دیش کے ساتھ بھارت کے کرکٹ میچز منسوخ کرنے کا مطالبہ زور پکڑنے لگا۔

پاکستان کرکٹ اسوقت آئی سی یو میں ہے، انہیں ڈاکٹر کی ضرورت ہے، راشد لطیف



لاہور (شیروز میاں سے) قومی ٹیم کے سابق کپتان و وکٹ کیپر بیٹر راشد لطیف کا کہنا ہے کہ 'پاکستان کرکٹ اسوقت آئی سی یو میں ہے اور اسے ڈاکٹر کی ضرورت ہے'۔ سابق وکٹ کیپر نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے اندر مسلسل تبدیلیوں پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مسلسل خراب کارکردگی نے سابق کرکٹرز اور شائقین کو پلیئرز پر تنقید کرنے کیلئے اکسایا۔ سابق کرکٹر نے سوشل میڈیا پر وائرل اپنی ایک ویڈیو میں کہا کہ پاکستان کرکٹ اس وقت آئی سی یو میں ہے، انہیں ایک پیشہ ور ڈاکٹر کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جسمانی اور مالی طور پر چیزوں کو چلانے کیلئے میکینکی طور پر مضبوط حکمت عملی کی ضرورت ہے، آپ دیکھ سکتے ہیں کہ بہت سے مسائل ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی 2025: آئی سی سی وفد نیشنل اسٹیڈیم پہنچ گیا

یاد رہے کہ پاکستان چیمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی کرے گا

لاہور (شیروز میاں سے) چیمپئنز ٹرافی 2025 کے سلسلے میں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے وفد نے نیشنل اسٹیڈیم کراچی کا دورہ کرتے ہوئے انتظامات اور سیکورٹی امور کا جائزہ لیا۔ وفد میں سینئر مینیجر ایونٹس سارا ایڈگر، جنرل منیجر وسیم خان، سیکورٹی منیجر ڈیوڈ مسکر اور براڈ کاسٹ کنسلٹنٹ منصور منج شامل تھے۔ آئی سی سی کا وفد نیشنل اسٹیڈیم، قذافی اسٹیڈیم اور پنڈی اسٹیڈیم کا بھی دورہ کرے گا اور دورہ مکمل کرنے کے بعد اپنی رپورٹ مرتب کرے گا۔ یاد رہے کہ پاکستان چیمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی کرے گا، آئی سی سی پہلے ہی چیمپئنز ٹرافی کے بجٹ کی منظوری دے چکا ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ابتدائی شیڈول بھی آئی سی سی کو بھیج چکا ہے۔

چیمپئنز کپ: گیری کرسٹن کی مینٹورز، ہیڈ کوچز سے ملاقات

پاکستان کے پاس باصلاحیت کرکٹرز ہیں جنہیں صرف معمولی ایڈجسٹمنٹ، نفاست اور فائن ٹیوننگ کی ضرورت ہے، گیری کرسٹن



فیصل آباد (سپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے وائٹ بال فارمیٹ کے ہیڈ کوچ گیری کرسٹن کی چیمپئنز ون ڈے کپ کے مینٹورز اور ہیڈ کوچز سے ملاقات ہوئی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ہیڈ کوچ کی ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کیساتھ ملاقات کی ویڈیو شیئر کی، مینٹورز اور ہیڈ کوچز نے ملاقات کے دوران مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ کوچ کے ہمراہ ہائی پرفارمنس ڈیوٹی ڈیڈ اور ڈائریکٹر ایچ پی ایز چیمپئنز کپ ندیم خان نے بھی سیشن میں شرکت کی۔ اس موقع پر گیری کرسٹن نے مینٹورز اور ہیڈ کوچز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افراد میچ جیت سکتے ہیں لیکن ٹیمیں سیریز اور ٹائٹل جیتا کرتی ہیں، کھلاڑی اپنے مینٹورز سے تجربہ لیں اور بہترین حکمت عملی حاصل کریں۔ گیری کرسٹن نے مینٹورز اور ہیڈ کوچز کو بتایا کہ پاکستان کے پاس باصلاحیت کرکٹرز ہیں جنہیں صرف معمولی ایڈجسٹمنٹ، نفاست اور فائن ٹیوننگ کی ضرورت ہے۔







حبا بخاری اور آریز احمد نے حمل کی خبروں پر خاموشی توڑ دی

یوٹیوب پر زیرِ گردش خبروں کے مطابق ہمارے 6 سے 7 بچے ہو چکے ہیں



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی مقبول جوڑی حبا بخاری اور آریز احمد نے سوشل میڈیا پر زیرِ گردش حمل کی خبروں پر ردعمل دے دیا ہے۔ حبا بخاری اور آریز احمد نے اپنے یوٹیوب چینل کے حالیہ وی لاگ میں کہا کہ لوگوں صرف چند لائکس اور ویوز کی خاطر شوبز شخصیات کی جھوٹی خبریں پھیلاتے ہیں۔ فنکار جوڑی نے کہا کہ سوشل میڈیا پر ہماری تصاویر اور باتوں کو توڑ موڑ کر پیش کیا جاتا ہے، یوٹیوبرز کو صرف چند ویوز اور لائکس چاہیے ہوتے ہیں لیکن وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ اُن کی اس حرکت سے کسی کی زندگی پر کتنا گہرا اثر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو لگتا ہے کہ ہم فنکاروں ٹی وی پر آتے ہیں تو ہمیں جھوٹی خبروں سے کوئی فرق نہیں پڑتا جبکہ حقیقت تو یہ ہے کہ ہمیں ایسی خبروں سے ڈر لگتا ہے۔ آریز احمد نے کہا کہ یوٹیوب پر زیرِ گردش خبروں کے مطابق ہمارے 6 سے 7 بچے ہو چکے ہیں۔

جویریہ عباسی کے دوسرے نکاح کی تصاویر اور ویڈیوز وائرل



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی سینیئر اداکارہ جویریہ عباسی کے دوسرے نکاح کی تصاویر اور ویڈیوز منظرِ عام پر آگئیں۔ جویریہ عباسی نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل پر اپنے نکاح کی چند تصاویر اور ویڈیوز پوسٹ کیں جن میں دیکھا جاسکتا ہے کہ اداکارہ نے اس خاص موقع پر گلابی اور گولڈن رنگ کا خوبصورت لباس زیب تن کیا۔ اداکارہ کی جانب سے شیئر کی گئی ایک ویڈیو میں انہیں ہاتھ میں چمیلی اور گلاب کے پھولوں والے گجرے پہنائے جارہے ہیں جبکہ ایک ویڈیو میں جویریہ عباسی بیحد خوش اور حسین نظر آئیں جبکہ اداکارہ نے اپنے شوہر کی تصاویر انسٹاگرام پر پوسٹ نہیں کیں۔ جویریہ عباسی نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں کہا کہ ہم خوشی سے مجبت کرتے ہیں۔ شوبز شخصیات اور مداحوں کی جانب سے ایک بار پھر جویریہ عباسی کو دوسری شادی کی مبارکباد دی جارہی ہیں۔ واضح رہے کہ جویریہ عباسی نے رواں سال مئی میں سوشل میڈیا پر اپنی منگنی کا اعلان کیا تھا، اس اعلان کے بعد کچھ دن بعد ہی اداکارہ نے ایک ٹی وی شو کے دوران اپنی دوسری شادی کی تصدیق بھی کردی تھی۔

دیور دانش نے مجھے پہلی بار دیکھتے ہی کہا تھا یہ ایشوریا رائے جیسی تو نہیں، ندا یاسر

کراچی (این این آئی) پاکستان کی نامور مارننگ شو میزبان ندا یاسر نے کہا ہیکہ ان کے دیور دانش نواز نے انہیں دیکھتے ہی کچھ سرگوشیاں کی تھیں جو آج بھی انہیں یاد ہیں۔ سوشل میڈیا پر ایک کلپ وائرل ہے جس میں ندا یاسر کے ہمراہ ان کے شوہر یاسر، ڈائریکٹر دانش نواز اور اداکار علی عباس موجود ہیں جب کہ گفتگو کے دوران ندا نے اپنی اور دیور دانش نواز کی پہلی ملاقات کا دلچسپ قصہ سنایا۔ ندا یاسر نے بتایا کہ 'مجھے آج بھی یاد ہے کہ جب یاسر نے پہلی بار مجھے دانش سے ملوایا تو یہ پیچھے ہو کر اپنی بہن کو کہہ رہا تھا کہ یہ ایشور یا رائے جیسی تو نہیں ہے۔

شگفتہ اعجاز کا مرحوم شوہر کیلئے جذباتی پیغام

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف سینئر اداکارہ شگفتہ اعجاز نے گزشتہ ہفتے انتقال کر جانے والے اپنے شوہر فلم ساز یحییٰ صدیقی کے لیے جذباتی پیغام شیئر کیا ہے۔ شگفتہ اعجاز نے اپنے شوہر کی ایک یادگار ویڈیو شیئر کرتے ہوئے جذباتی پیغام شیئر کیا ہے۔ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے اداکارہ نے اپنے مرحوم ہم سفر کے لیے لکھا ہے کہ آپ ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ اداکارہ کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ان کے شوہر نہایت شفقت سے اپنی بیٹی کے بال بنا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ شگفتہ اعجاز کے شوہر یحییٰ صدیقی طویل عرصہ علیل رہنے کے بعد گزشتہ ہفتے انتقال کر گئے تھے۔ اداکارہ نے یہ افسوس ناک خبر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر شیئر کی تھی۔

اداکارہ ادیتی راؤ حیدری اداکار سدھارتھ سورینارائن کیساتھ شادی کے بندھن میں بندھ گئیں

نئی دہلی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ ادیتی راؤ حیدری ساتھی اداکار سدھارتھ سورینارائن کے ساتھ شادی کے بندھن میں بندھ گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ادیتی راؤ حیدری اور سدھارتھ سورینارائن نے ''وانا پارتھی'' کے 400 سال پرانے مندر میں شادی کی، شادی کی اس تقریب میں جوڑے کے اہلخانہ اور چند قریبی عزیز شریک ہوئے۔ خوشی کے اس موقع کی تصاویر اداکارہ ادیتی راؤ حیدری نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں جس پر شوبز ستاروں اور مداحوں کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے۔

استاد امانت علی خاں کو مداحوں سے بچھڑے 50 برس بیت گئے



لاہور (این این آئی) پاکستان کے عظیم گائیک استاد امانت علی خاں کو دنیا سے رخصت ہوئے 50 برس بیت گئے۔ عظیم گلوکار کو لازوال فنی خدمات کی بنا پر صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی سمیت بہت سے اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ استاد امانت علی خاں 1922 میں بھارتی شہر ہوشیار پور میں کلاسیکی موسیقی کے معروف گھرانے پٹیالہ میں پیدا ہوئے اور انہیں موسیقی کی تعلیم ورثے میں ملی۔ ان کی چھوٹے بھائی استاد فتح علی خاں کے ساتھ جوڑی بڑی مقبول رہی اور دونوں کے متعدد گیتوں کو خوب پسند کیا گیا۔ میٹھے لہجے اور عمدہ آواز کے مالک استاد امانت علی خان نے کم عمری میں ہی ٹھمری، کافی اور غزل گائیکی شروع کی، دیکھتے ہی دیکھتے شہرت کے دروازے ان پر کھلتے ہی چلے گئے۔ امانت علی خاں نے جہاں بہت سی مقبول غزلیں اور گیت گائے وہیں ان کے گائے ہوئے ملی نغمے آج بھی مقبول عام ہیں جبکہ ان کے صاحبزادوں اسد امانت علی مرحوم اور شفقت امانت علی نے والد کے نام کو خوب زندہ رکھا۔ حکومت نے استاد امانت علی خاں کو موسیقی میں گراں قدر خدمات پر صدارتی ایوارڈ سے نوازا اور وہ 18 ستمبر 1974 کو خالق حقیقی سے جاملے۔

عالیہ بھٹ اور دلجیت دوسانجھ کے نئے گانے 'چل کڑیئے' نے دھوم مچادی

فلم 11 اکتوبر 2024 کو سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ عالیہ بھٹ اور گلوکار دلجیت دوسانجھ کا نیا گانا 'چل کڑیئے' نے ریلیز ہوتے ہی دھوم مچادی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق نیا گانا نئی آنے والی فلم 'جگرا' کا حصہ ہے، جسے ڈائریکٹر واسن بالا نے ڈائریکٹ کیا ہے۔ 'چل کڑیئے' ایک پرجوش اور حوصلہ افزا ترانہ ہے، جو خواتین کو اپنی اندرونی طاقت کو پہچاننے اور زندگی کی مشکلات کا سامنا کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ گانے میں دلجیت دوسانجھ اور عالیہ بھٹ کی شاندار آوازوں نے اسے مزید دلکش بنا دیا ہے۔ ویڈیو میں دلجیت دوسانجھ کو سفید لباس میں اور عالیہ کو ایک منفرد ڈی شرٹ میں دیکھا جاسکتا ہے جس پر 'گھر' لکھا ہوا ہے۔ گانا مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر دستیاب ہے اور اسے ہرمندر سنگھ نے لکھا ہے جبکہ کمپوزیشن منپریت سنگھ کی ہے۔ یاد رہے کہ فلم 'جگرا' میں عالیہ بھٹ مرکزی کردار ادا کررہی ہیں اور فلم 11 اکتوبر 2024 کو سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی۔

ساؤتھ انڈین ایوارڈز: بہترین اداکارہ کا ایوارڈ ایشوریا رائے کے نام

دبئی (این این آئی) بھارت کی صف اول کی اداکارہ ایشوریا رائے بچن نے بالی ووڈ کے بعد ساؤتھ انڈین فلم انڈسٹری میں بھی اپنی جاندار اداکاری کا جادو چلاتے ہوئے بہترین اداکارہ کا ایوارڈ اپنے نام کرلیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ساؤتھ انڈین انٹرنیشنل مووی ایوارڈز کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ایشوریا رائے بچن نے اپنی بیٹی آرادھیا بچن کے ہمراہ شرکت کی۔ ایشوریا رائے اور ان کی بیٹی نے ایوارڈ شو کی ریڈ کارپٹ پر واک کی اور پھر پنڈال کے باہر جمع اپنے مداحوں کے ساتھ سیلفیاں بھی لیں۔ ساؤتھ انڈین انٹرنیشنل مووی ایوارڈز 2024 میں ایشوریا رائے بچن کو ان کی فلم ''پونیئن سیلوان 2'' میں شاندار اداکاری کے لیے بہترین اداکارہ (کریٹکس) کا ایوارڈ ملا۔ ایشوریا رائے کی ایوارڈ وصول کرنے کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہیں جن میں دیکھا جاسکتا ہے کہ اداکارہ جیسے ہی اپنا ایوارڈ لینے کے لیے سٹیج پر پہنچیں تو ان کی بیٹی نے اپنے موبائل فون کے کیمرے کی آنکھ میں اپنی والدہ کی کامیابی کا خوبصورت لمحہ قید کیا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چنیوٹ: انجمن رضائے مصطفی چنیوٹ کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس

جلوس جامع مسجد کھوکھر انوالی سے برآمد ہو کر اپنے مقررہ راستوں سے گزرتا ہوا میلاد چوک میں جا کر اختتام پذیر ہو گیا



چنیوٹ: انجمن رضائے مصطفی کے زیر اہتمام مرکزی جلوس کی قیادت مولانا نعیم الدین ودیگر علماء کررہے ہیں۔

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجمن رضائے مصطفی چنیوٹ کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس جامع مسجد کھوکھر انوالی سے برآمد ہو کر اپنے مقررہ راستوں سے گزرتا ہوا میلاد چوک میں جا کر اختتام پذیر ہو گیا جبکہ وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے جلوس کا عظیم الشان استقبال کیا اور جلوس میں شرکت کی جبکہ تاجر تنظیموں کے رہنما شیخ ندیم احمد، سید ظہیر عباس شاہ، مسلم لیگی رہنما میاں سلمان عمیر اور امیدوار صوبائی اسمبلی و ضلعی صدر پی ٹی آئی میاں شوکت علی تھہیم ایڈووکیٹ نے بھی شرکت کی ضلعی پولیس انتظامیہ کی طرف سے سکورٹی کے سخت ترین انتظامات کئے گئے اور پولیس کی بھاری نفری جلوس کی گزرگاہوں پر تعینات رہی جبکہ گلی اصلاح ہائی سکول اور بوکا ماشکیاں میں بارہ ربیع الاول کی خوشی میں سجاوٹ کی گئی اور روضہ رسول کا ماڈل بھی لگایا گیا جس کو دیکھنے کیلئے ہزاروں عاشقان مصطفی نے شرکت کی۔

گولڑوی نے کی مرکزی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا واپس میلاد چوک میں جا کر اختتام پذیر ہو گیا جبکہ وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے جلوس کا عظیم الشان استقبال کیا اور جلوس میں شرکت کی جبکہ تاجر تنظیموں کے رہنما شیخ ندیم احمد، سید ظہیر عباس شاہ، مسلم لیگی رہنما میاں سلمان عمیر اور امیدوار صوبائی اسمبلی و ضلعی صدر پی ٹی آئی میاں شوکت علی تھہیم ایڈووکیٹ نے بھی شرکت کی ضلعی پولیس انتظامیہ کی طرف سے سکورٹی کے سخت ترین انتظامات کئے گئے اور پولیس کی بھاری نفری جلوس کی گزرگاہوں پر تعینات رہی جبکہ گلی اصلاح ہائی سکول اور بوکا ماشکیاں میں بارہ ربیع الاول کی خوشی میں سجاوٹ کی گئی اور روضہ رسول کا ماڈل بھی لگایا گیا جس کو دیکھنے کیلئے ہزاروں عاشقان مصطفی نے شرکت کی۔

جشن میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ضلع بھر میں منعقدہ جلوسوں کے شرکاء کو ایمرجنسی میڈیکل کور فراہم کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جشن میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ضلع بھر میں منعقدہ جلوسوں کے شرکاء کو ایمرجنسی میڈیکل کور فراہم کیا گیا، سیکرٹری ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کی زیر نگرانی ریسکیو شیخوپورہ کی 10 ایمبولنس، 4 فائر وہیکلز اور 12 موٹر بائیک ریسکیو سروسز خدمات سرانجام دیتی رہیں کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کیلئے ریسکیو پوسٹیں بھی قائم کی گئیں، ضلع بھر کے تمام ریسکیو اسٹیشن پر کوئیک رسپانس لائف سیونگ فورس بھی ناگہانی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کیلئے ہائی الرٹ رہیں ضلع بھر میں 100 سے زائد ریسکیو اہلکار اور ریسکیو اسکاؤٹس نے خدمات سرانجام دیں۔

نارنگ منڈی میں جشن عید میلاد النبی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا

جگہ جگہ درود وسلام کی محافل اور لنگر مصطفائی کا خصوصی اہتمام

شہر و گردونواح میں درجنوں جلوس نکالے گئے عاشقان رسول کی کثیر تعداد میں شرکت



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ منڈی میں بھی جشن عید میلاد النبی ﷺ انتہائی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا شہر و گردونواح میں درجنوں جلوس نکالے گئے مرکزی جلوس مرکزی جامع مسجد نورانی سے نکلا جو روایتی راستوں سے ہوتا ہوا نارنگ ریلوے اسٹیشن پہنچا جہاں سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد کی گئی ✻ مفتی شہباز رسول سعیدی علامہ محمد خالد چشتی قاری احسان الٰہی رضوی مفتی عثمان رضوی حافظ عمران قادری علامہ زرین اعظم علی باجوہ سمیت علماء اہلسنت نے خطابات کیے مقامی پولیس سیکیورٹی اداروں کے اہلکار موجود رہے پیر سید واجد شاہ گیلانی کی زیر صدارت کوٹلی میانی سے جلوس نکالا گیا جو درجنوں دیہات سے ہوتا ہو مزار شہید ختم نبوت پیر اجمل گیلانی پہنچ کر اختتام پذیر ہوا صاحبزادہ ضیاء الدین احمد جیلانی کی زیر صدارت مردانہ شریف سے جلوس سینکالا گیا جہاں مہتہ سوجا میں دیگر دیہات سے آنے والے جلوسوں کا استقبال اور اختتام کیا گیا نارنگ موڑ میں قاری بابر بگھر کی قیادت میں جلوس نکالا گیا بلدیہ کی جانب سے بہترین انتظامات کیے گئے جس پر میلاد کمیٹی انتظامیہ نے ان کا شکریہ ادا کیا جگہ جگہ درود وسلام کی محافل اور لنگر مصطفائی کے وسیع تر انتظامات کیے گئے تھے۔

آقا کریمؐ کی آمد سے جہالت کا اندھیرا ختم ہوا، یحییٰ گجر



وزیر آباد (نامہ نگار) اسلامی جمعیت طلبہ گوجرانوالہ ڈویژن کے ناظم یحییٰ گجر نے کہا ہے کہ آقا کریمؐ کی آمد سے جہالت کا اندھیرا ختم ہوا آقائے دو جہاںؐ کی آمد پر خوشیوں اور مسرت کا دن مبارک ترین لمحات ہیں عشق رسولؐ کے بغیر ایمان نامکمل ہے وہ جمعیت احمد نگر کے زیر اہتمام سیرت النبیؐ کے موضوع پر خطاب کررہے تھے صدارت ضلعی ناظم تحسین شاہ نے کی اس موقع پر اس کلیر رانا فرحان بلال مہر احمد زیب محمد قاسم کاشف آدم خاں اور رانا بلال نے خطاب کیا۔

سلانوالہ: عید میلاد النبی مذہبی عقیدت و احترام سے منائی گئی

سلانوالی (حافظ اصغر علی شاہد/قوت سے) سلانوالی سرگودھا سمیت عید میلاد النبی مذہبی عقیدت واحترام سے منائی گئی شہریوں کی جلوس بھر پور شرکت انتظامیہ نے جلوس کا پر تپاک استقبال کیا جلوس کے راستوں پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظام شہریوں کا انتظامیہ کو خراج تحسین عید میلاد النبی کے موقع پر چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل سرگودھا اسد اللہ ہریانے علمائے کرام کے ہمراہ ولادت باسعادت کا کیک بھی کاٹا اس موقع پر چیف افیسر اسد اللہ ھریا کا کہنا تھا تمام امت مسلمہ کو عید میلاد النبی مبارک ہو۔

ملک بھر کی طرح قلعہ احمد آباد میں بھی عید میلاد النبی ﷺ کا دن مذہبی جوش، خروش سے منایا گیا

وزیر اعلی کی خصوصی ہدایت پر عمل درآمد کرتے ہوئے بلدیہ احمد آباد نے ٹھنڈے، میٹھے پانی کی سبیل لگائی اور مٹھائی تقسیم



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد میں عید میلاد النبی کا دن مذہبی جوش، خروش سے منایا گیا علامہ محمد رمضان کی زیر قیادت جامع مسجد صوفیہ بی بی کے طلباء نے ریلی نکالی ریلی میں مذہبی، سیاسی، سماجی شخصیات نے بھرپور شرکت کی ریلی کے شرکاء نے آمد مصطفی مرحبا مرحبا کے فلک شگاف نعرے لگائے نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پیش کی گئیں جبکہ علامہ محمد رمضان نے شرکاء ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم قرآن اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں پر عمل کر کے دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں جبکہ انجمن مغلیہ، مرکزی انجمن تاجران، انجمن تاجران ریل بازار، باوجی ٹریڈرز، ملک قلفہ شاپ، مرزا سٹیل کریانہ سٹور، آصف غفور باجوہ و دیگر سماجی شخصیات کی جانب سے قلعہ احمد آباد میں مختلف جگہوں پر مختلف کھانوں اور دودھ کی سبیلیں لگائی گئیں۔ لوگ صبح تا سہہ پہر کھانوں کی سبیلوں سے لطف اندوز ہوتے رہے۔

کھرڑیانوالہ: شہر شہر قریہ قریہ خوشیاں، محافل میلاد اور جلوسوں کا انعقاد



کھرڑیانوالہ (شبیر احمد قادری) محسن انسانیت، رحمت اللعالمین کی ولادت باسعادت کا جشن شہر شہر قریہ قریہ خوشیاں، محافل میلاد اور جلوسوں کا انعقاد ہوا۔ علماء نے اپنے بیان میں نبی پاک کی شان میں اپنی عقیدت کا اظہار کیا سید عامر علی شریفی، سید وسیم عنایت شاہ، علامہ تنویر الحسن مدنی قاری جاوید نقشبندی، مفتی اظہر سعید، حافظ شبیر ملتانی، سید جعفر شاہ، علامہ عمران طاہری، جبکہ پیر سید وسیم عنایت شاہ اور پیر سید عامر علی شریفی کی زیر صدارت، منتظمین سماجی کارکن میاں طارق سلیم ایڈووکیٹ چیمر مین ویلفیئر فاؤنڈیشن قصر آس، سیاسی وسماجی شخصیت رانا شہباز ریاض نمبر دار، محمد عباس مغل صاحب حافظ یاسر الیاس عطاری صاحب مفتی غلام محی الدین امینی صاحب حافظ لقمان عطاری صاحب قمر عباس مصطفائی صاحب قاری غلام نبی صابر صاحب، محمد آصف مغل صاحب، علامہ غضنفر قادری، میاں مشتاق جوہل، انوار الحق قادری، امین اختر جوہل نعیم اختر، حافظ عارف نقشبندی، صحافی عمر حیات چوہان، شبیر احمد قادر یاور علاقہ کی کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں آج درج ذیل فیڈر پر بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 2 بجے تک 28,23,19 ستمبر کو کالج روڈ فیڈر، 19 ستمبر کو بلاق شاہ، خائی شاہ، مگھیانہ فیڈرز 30,29,24,21 ستمبر کوٹ سلطان، دوسیرہ، شیخن، کری والا فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

ڈسٹرکٹ جیل حافظ آباد میں عید میلاد النبیؐ کے موقع پر قرآن خوانی اور محفل میلاد کا انعقاد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ جیل حافظ آباد میں عید میلاد النبیؐ کے موقع پر قرآن خوانی اور محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا۔ محفل میلاد میں جیل اسیران نے حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں نعتیہ کلام بھی پیش کیا۔ اس موقع پر جیل کی مختلف بیرکوں کو جھنڈوں اور آرائشی لائٹنگ کے ساتھ سجایا گیا۔ سپرنٹنڈنٹ جیل کامران حمید راعوان نے ڈسٹرکٹ جیل کے افسران وملازمین، شرکاء محفل، مرد وخواتین اور نوعمر اسیران میں مٹھائی بھی تقسیم کی۔ محفل میلاد کے اختتام پر دین اسلام کی سربلندی، ملک وقوم کی ترقی، استحکام اور سلامتی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

چنیوٹ: اسلامیہ ہسپتال میں نئے سولر سسٹم کا افتتاح

وفاقی وزیر برائے بحری امور نے افتتاح کیا، وفاقی وزیر کی جانب سے امدادی رقم کا چیک بھی دیا گیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر برائے بحری امور، قیصر احمد شیخ نے گزشتہ روز چنیوٹ کے اسلامیہ ہسپتال میں نئے سولر سسٹم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر مینجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین میاں شفیق، وائس چیئرمین میاں قمر صدیق، مینیجر آصف اقبال، ایم ایس ڈاکٹر صادق علی بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب کے دوران وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے کہا، ہم ہمیشہ چنیوٹ کے عوام کے لیے سرگرم رہتے ہیں اور شہر کی ترقی کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ چنیوٹ کے ترقیاتی کام کو پورا ملک سراہتا ہے، اور اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ چار ڈویژنز میں سے صرف چنیوٹ کو یہ اہم وفاقی وزارت حاصل ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ دو دن بعد چنیوٹ میں صداقت کیئر ماڈل اسکول میں کمپیوٹر سنٹر کا افتتاح بھی کیا جائے گا، جس سے تعلیم کے شعبے میں مزید بہتری آئے گی۔ قیصر احمد شیخ نے اسلامیہ ہسپتال کے لیے 15 لاکھ روپے کا عطیہ بھی دیا اور کہا کہ یہ عطیہ ہسپتال کی ترقی اور مریضوں کی بہتر سہولتوں کے لیے استعمال کیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ شیخ برادری نے ہمیشہ شہر کی فلاح و بہبود کیلئے کام کئے ہیں اور شہر کی بہتری کیلئے ہمہ وقت کوشاں رہے گے۔

چوآسیدن شاہ: پنجاب پولیس کے انسپکٹر مبشر علی انور کی ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی



چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) علاقہ جھنگڑ کے قصبہ سڑھانڈی گاؤں سے تعلق رکھنے والے پنجاب پولیس کے انسپکٹر مبشر علی انور کی ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور ڈی آئی جی رانا سلیمان نے ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی پانے والے مبشر علی انور کو اُنکے کندھوں پر بیجز لگا۔ اس موقع پر مبشر علی انور کا چھوٹا صاحبزادہ محمد حنان مبشر بھی موجود تھا مقامی میڈیا سے بات کرتے ہوئے ڈی ایس پی مبشر علی انور نے کہا کہ یہ سب والدین کی محنت اور دعاؤں کا نتیجہ ہے انہوں نے کہا کہ عہدہ بڑھنے سے ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ترقی پانے والے پولیس افسران بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں گے، ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی پانے والے ہر دلعزیز شخصیت مبشر علی انور عزیز و اقارب اور دوست احباب کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری ہے۔

جشن عید میلاد النبیؐ کے حوالے سے بھٹی برادران کی طرف سے محفل میلاد کا انعقاد

بانی بھٹی اتحاد پاکستان زبیر احمد بھٹی لیاقت علی نمبردار اور دیگر سیاسی سماجی اور اہل علاقہ کی شرکت



مصطفی آباد (نامہ نگار) کے نواحی گاؤں دفتوں میں جشن عید میلاد النبیؐ کا انعقاد کیا گیا جس میں سیاسی سماجی اور اہل علاقہ کی بھرپور شرکت بانی بھٹی اتحاد پاکستان زبیر احمد بھٹی لیاقت علی نمبردار اور دیگر سیاسی سماجی اور اہل علاقہ کی شرکت بھٹی برادران نے اہل علاقہ کے لیے لنگر کا انتظام کیا اور بعد میں تمام جملہ اراکین نے مل کر کیک کاٹا اور ملکی ترقی اور سلامتی کے لیے دعا کی گئی اس موقع پر بانی بھٹی اتحاد زبیر احمد بھٹی، لیاقت نمبردار، رضوان بھٹی، فرمان بھٹی، اور دیگر نے شرکت کی

الحرم پڑ ویلیم جوہل نے میلاد النبی کے پر مسرت موقع پر کسٹمرز کو موٹر سائیکل موبائل فونز نقد کیش انعام دیے



کھرڑیانوالہ (نمائندہ قوت) الحرم پڑ ویلیم جوہل نے میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اپنے کسٹمرز کو بذریعہ قرعہ اندازی ہنڈا 70 موٹر سائیکل، پانچ عدد موبائل فونز، دس کیش انعام، دس عدد وال کلاک دے۔ ہنڈا 70 موٹر سائیکل کا قرعہ محمد سلیم بھٹی کے نام نکلا۔ شہباز گیلانی محمد نواز، ملک سلیم، و دیگر کو موبائل فونز اور کیش انعام ملے۔ الحرم پڑ ویلیم کے اونر میاں برادران نے میلاد النبی کے موقع پر وسیع لنگر کا بھی اہتمام کیا۔ اپنے کسٹمرز کو بذریعہ قرعہ انعامات بھی دیے۔ اس موقع بھی میاں برادران نے کہا کہ ہم میعار اور مقدار میں کبھی کمپرومائز نہیں کریں گے۔ اپنے کسٹمرز پر میعاری پڑ ویلیم منصوعات دیں گے۔ اور مقدار بھی ہمیشہ پوری رکھیں گے۔ حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ کم ناپ تول والے ہم میں سے نہیں۔

ٹریفک وارڈن فضل عباس کا شہریوں کے ساتھ بدتمیزی کا سلسلہ جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ٹریفک وارڈن فضل عباس کا شہریوں کے ساتھ بدتمیزی کا سلسلہ جاری بداخلاقی رویوں کی وجہ سے شہریوں اور ٹریفک وارڈن میں جھگڑے معمول بن گئے شہری انتہائی پریشانی کا شکار ذرائع کے مطابق معزز شہری سفر پر جارہے ہوتے ہیں کہ فضل عباس ٹریفک وارڈن شہریوں کو روک کر ان پر بلاوجہ رعب ڈالتا ہے۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

مصطفی آباد میں عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس میں ہزاروں افراد کی شرکت

جلوس کی قیادت پیر الیاس قادری المعروف باباجی سرکار آرگنائزر جماعت اہلسنت قصور نے کی



مصطفی آباد: عید میلاد النبی ﷺ کے مرکزی جلوس کے موقع پر پیر سید علی حیدر شاہ بخاری، پیر سید زین العابدین شاہ، پیر الیاس قادری جماعت اہلسنت کی طرف سے شیلڈیں پیش کر رہے ہیں

مصطفی آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی+علی ملک) مصطفی آباد میں عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس میں ہزاروں افراد کی شرکت، جلوس کی قیادت حضرت مولانا پیر الیاس قادری المعروف باباجی سرکار نے کی، پیر سید علی حیدر بخاری کی خصوصی دعا، پیر سید زین العابدین شاہ کا خصوصی خطاب، تفصیلات کے مطابق جماعت اہلسنت مصطفی آباد کے مرکزی جلوس میں ہزاروں افراد کی شرکت، جلوس کی قیادت پیر الیاس قادری المعروف بابا جی سرکار آرگنائزر جماعت اہلسنت قصور نے کی، جلوس میں، مقامی علما کرام، سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں سمیت اہلیان مصطفی آباد کی بڑی تعداد نے شرکت کی، مرکزی جلوس اپنے روائتی راستوں سے ہوتا ہوا لاری اڈا مصطفی آباد میں اختتام پذیر ہوا، جلوس کے راستوں میں جگہ جگہ لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا تھا، اختتام تقریب میں پیر سید علی حیدر شاہ بخاری سجادہ نشین آستانہ عالیہ خواجہ دائم الحضوری قصوری، صاحبزادہ حضرت پیر سید زین العابدین شاہ آستانہ عالیہ خانوہارنی، حضرت علامہ مفتی علی حسن رضوی ناظم اعلی جماعت اہلسنت لاہور ڈویژن، پیر ولائت چشتی، حضرت مولانا میاں وقاص صدیق نقشبندی، حضرت مولانا مفتی فیضان قادری صدر جماعت اہلسنت مصطفی آباد، صاحبزادہ حافظ جنید الیاس قادری، حضرت مولانا قاری یار محمد نوری، ایم این اے سعد وسیم شیخ، ایم پی اے چوہدری محمد الیاس خاں، سابقہ چیئرمین میونسپل کمیٹی مصطفی آباد میاں عبدالخالق، سربراہ چیئرمین رفیق انصاری گروپ چوہدری اصغر علی، صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176 مہر علی مہران، سردار ہمایوں اقبال، مہر اسد منیر، مہر علی مہران، علی مصطفی چشتی، چوہدری خادم طور، باوغلام رسول صدر انجمن تاجران مصطفی آباد، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد لیانی، رجسٹرڈ، سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا، محمد اکمل کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ، قاری الیاس عطاری سمیت سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں، تاجروں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے شرکت کی، اس موقع پر صاحبزادہ حضرت پیر سید زین العابدین شاہ آستانہ عالیہ خانوہارنی نے کہا کہ اہلیان مصطفی آباد کی حضور ﷺ سے محبت مثالی ہے، اللہ تعالی نے آپ کو حضور ﷺ کا میلاد منانے کے لئے چن لیا ہے، حضور ﷺ کا اخلاق مثالی تھا، میلاد النبی ﷺ کا دن ہمیں حضور ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے کا درس دیتا ہے۔

ٹریفک افسران شہریوں کو پہلے سلام پھر کلام کریں، کیپٹن بلال افتخار کیانی



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ ٹریفک افسران شہریوں کو پہلے سلام پھر کلام کریں ٹریفک اہلکار عوام کے لیے رول ماڈل بنیں اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے شہریوں سے شائستہ رویہ اختیار کریں تاکہ ٹریفک پولیس کا نام روشن ہو گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہریوں کی تذلیل کرنیوالے ٹریفک پولیس افسران کسی رعایت کے مستحق نہیں اگر کسی بھی آفیسر و اہلکار پر رشوت وصولی اور نامناسب رویہ اختیار کرنے کا الزام ثابت ہوا تو اس کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

12 ربیع الاول کے موقع پر نہر والہ میں بھی جلوس کا اہتمام

دیپالپور (زاہد عمران۔ نمائندہ قوت) 12 ربیع الاول آمنہ کے لال ولادت باسعادت کے حوالے سے ملک پھر سمیت نہر والہ میں بھی منہ کے لال کے آنے کی خوشی میں مختلف بازاروں اور سڑکوں پر جلوس کا اہتمام کیا گیا فضام جباً آمد رسول اور لبیک یا رسول اللہ کے نعروں سے گونج اٹھی یہ جلوس نہر والہ کے معروف مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب اشرفی نوری صاحب کی زیر نگرانی نکالا گیا جلوس میں سیاسی اور سماجی شخصیت اور مذہبی نے شرکت کی اور نام وار لوگوں نے شرکت کی جس میں میاں خرم بھنڈارا راؤ یا میں نہر والہ میاں جاوید مغل پیر طالب مہار میاں محمد یار مہار مکلہ برادری سوسائٹی کے لوگ اور شرکاء کی بہت بڑی تعداد تھی اور لنگر کے اعلیٰ انتظام تھے

جماعت اہلسنت پاکستان چک نمبر 63 ای بی کے زیر اہتمام سابق چیئرمین حاجی انیس عامر بھٹی اور سید محمد آصف حسین شاہ کی صدارت میں جشنِ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم جلوس نکالا گیا



عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) جماعت اہلسنت پاکستان چک نمبر 3 63 ای بی کے زیر اہتمام سابق چیئرمین حاجی انیس عامر بھٹی اور سید محمد آصف حسین شاہ کی صدارت میں جشنِ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم جلوس نکالا گیا جلوس چک 3 63 ای بی سے ہوتہ روڈ، مین بہاولنگر روڈ سے تحصیل روڈ شفیع شادی چوک کارخانہ بازار سے ہوتا ہوا قبولہ روڈ اور بلدیہ چوک میں اختتام پذیر ہوا جلوس کے تمام راستوں پر عاشقان رسول ﷺ نے جگہ جگہ پھولوں کی پتیوں اور مالاؤں سے استقبال کیا، جلوس میں مسلم لیگ (ن) کے ایم این اے رانا ارادت شریف خاں، سابق سٹی ناظم سید ہادی حسین شاہ، سید اظہار عرف جھارے شاہ نے شرکت کی سید آصف حسین شاہ و دیگر علماء کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی تشریف آوری سے کائنات میں انسانیت نے سکھ اور چین کا سانس لیا آپ ﷺ کو اللہ پاک نے تمام کائنات کیلئے رحمت اللعالمین بنا کر بھیجا گیا ہم سب کو نبی آخر الزماں حضرت محمد ﷺ کے اخلاق حسنہ کو اپنا کر اپنی زندگیوں کو اسکے مطابق گزارنا چاہئے ہماری زندگی میں بہت آسانیاں پیدا ہو جائیں گی ریلی میں عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔ فصالیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداؤں سے معطر ہو گئی جلوس کے شرکاء میں قاری اللہ بخش، علی شاہ، بابا ضیاء شاہ، محمد شکیل، حیدر شاہ، حافظ مقبول شاہ، زبیر اور عمر حیات کھوکھر سمیت دیگر عاشقان رسول ﷺ نے کثیر تعداد میں شرکت فرمائی حاجی انیس عامر بھٹی نے جلوس کے شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

شاہد سرویا اقبال سرویا اور خرم سرویا کی جانب سے رانا افضال کیلئے دعائیہ تقریب کا انعقاد

رانا احمد عتیق انور حسان ریاض اور چوہدری واجد علی خاں نے رانا افضال کو خدمات پر خراج تحسین پیش کیا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ڈی جی پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن ڈاکٹر شاہد سرویا خرم سرویا اور اقبال سرویا چرسی تکہ شاپ والے کی جانب سے دیوان خاص شادی ہال میں وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین کے بھائی رانا افضال حسین مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری موسمیاتی تبدیلی رانا احمد عتیق انور رکن صوبائی اسمبلی و چیئرمین قائمہ کمیٹی آبپاشی چوہدری حسان ریاض اور سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری واجد علی خاں نے رانا افضال حسین مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ رانا افضال حسین منفرد سیاستدان تھے انہوں نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی وفات کے بعد لوگ انہیں اچھے لفظوں سے یاد کر رہے ہیں انسانیت کی خدمت کرنے والے لوگ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں عوام انہیں کبھی نہیں بھولے گی انہوں نے ہمیشہ حلقہ کی عوام کی خدمت کی ہے انہیں کبھی مایوس نہیں کیا ہم ان کے مشن کو جاری رکھیں گے ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ان کا عوامی خدمات کا سفر جاری رکھا جائے گا ہمارے دروازے آپ لوگوں کیلئے 24 گھنٹے کھلے ہوئے ہیں قاری محمد منشاء قاری یونس رضا علامہ فرہاد عطاری اور واجد علی مدنی نے مرحوم کیلئے قرآن خوانی اور بخشش ومغفرت کیلئے دعا کروائی اس موقع پر اعظم علی باجوہ ملک خرم شہزاد رانا رضوان یوسف اظہر سہیل چوہان ذوالفقار گھمن سردار نعیم رضا مان عزیر احمد بھٹی سیٹھ سعید احمد فارقی حافظ عون الباری حماد الحسن نوی چوہدری حبیب باجوہ سمیت مسلم لیگ ن کے رہنماؤں اور کارکنوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

نجی سکول کھرڑیانوالہ میں سیرت النبی ﷺ ولادت محبوب کبریا کے سلسلہ میں مقابلہ قرات نعت خوانی اور تقریری مقابلہ



کھرڑیانوالہ (نمائندہ قوت) نجی سکول کھرڑیانوالہ میں سیرت النبی ﷺ ولادت محبوب کبریا کے سلسلہ میں مقابلہ قرات نعت خوانی اور تقریری مقابلہ ہوا۔ جس میں ہر کلاس کے سٹوڈنٹس نے حصہ لیا۔ k.G کلاس کی جنت فاطمہ نے سیرت النبی ﷺ پر تقریری مقابلہ میں حصہ لیا۔ اپنی پیاری آواز اور تلفظ کی درست ادائیگی پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ سکول انتظامیہ کی جانب سے کیش انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔ صحافی شبیر قادری نے سکول انتظامیہ اور جنت فاطمہ کو مبارکباد پیش کی۔

شکر گڑھ: پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی/تمام روٹس پر کرایوں میں کمی کا اطلاق

ڈپٹی کمشنر نے مسافروں سے اضافی کرایہ وصول کرنے پر گاڑی عملہ مسافروں سے موقع پر واپس کروایا

شکر گڑھ (نامہ نگار) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کی بابت ضلع نارووال کے تمام تر روٹس پر کرایوں میں کمی کا اطلاق، ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس حوالے سے لاہور روڈ پر مسافر گاڑیوں کو روک کر مسافروں سے وصول کیے جانے والے کرائے کی چیکنگ کی اور مسافروں سے اضافی کرایہ وصول کرنے پر گاڑی عملہ مسافروں کو موقع پر واپس کروایا گیا جس پر مسافروں کی جانب سے وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر نارووال کی طرف سے کیے جانے والے اقدامات پر ان کا شکریہ ادا کیا گیا۔

12 ربیع الاول کے موقع پر ڈسٹرکٹ پریس کلب میں کیک کاٹا گیا

ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دُعا بھی کی گئی



حافظ آباد: 12 ربیع الاول کے موقع پر ڈسٹرکٹ پریس کلب/یونین آف جرنلسٹس میں کیک کاٹا جارہا ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) 12 ربیع الاول کے موقع پر ڈسٹرکٹ پریس کلب میں کیک کاٹا گیا۔ اس سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں چیئرمین امر میڈیا گروپ سید ظہیر عباس شاہ، سینئر صحافی چوہدری جاوید اسد، سینئر صحافی چوہدری مظہر وڑائچ، وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب سجاد ظہور مٹمل، سابق جنرل سیکرٹری پریس کلب مہر محمد حبیب اللہ، آفس سیکرٹری پریس کلب رائے شہباز، ملک محمد ارسلان، ملک محمد غلام یاسین، ماجد علی چیمہ، خالد محمود بھٹی، محسن علی بھٹی، ظہیر اقبال بھٹی، چمن عباس، بدر منیر کھوکھر، ضلعی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی ملک علی مروان اعوان سمیت صحافیوں اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دُعا بھی کی گئی۔

پورے ملک کی طرح وزیر آباد میں بھی جشن میلاد مصطفیٰ کے سلسلہ میں محافل، جلوسوں کا انعقاد کیا گیا

مرکزی جلوس کی قیادت ممتاز عالم دین پروفیسر ڈاکٹر محمد آصف ہزاروی، ایم پی اے وقار احمد چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر ربنواز چدھڑ و دیگر نے کی

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

اطلاع عام

ہماری فرم Ras International corporation کا ہیڈ آفس مکان نمبر 54H-4 واپڈا ٹاؤن فیز 01 لاہور سے شفٹ ہوکر۔ مکان نمبر 636 راوی بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور منتقل ہوگیا ہے۔

اشتہار نیلامی

لینٹیلن گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج گرلز چوآسیدن شاہ برائے 2025-2024 کالج کینٹین حاصل کرنے کے خواہش مند حضرات دفتری اوقات میں متعلقہ کالج سے تمام تفصیلات حاصل کرسکتے ہیں کالج کینٹین کی نیلامی مورخہ 20-09-2024 دن ساڑھے گیارہ بجے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین چوآسیدن شاہ ہوگی۔

اگر مورخہ 20-09-2024 کو نیلامی نہ ہوسکی تو نیلامی کی دوسری تاریخ 21-09-2024 دن ساڑھے گیارہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین چوآسیدن شاہ میں ہوگی۔

پرنسپل

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین چوآسیدن شاہ

کوئی ابہام نظر نہیں آیا۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ مولانا صاحب کے ساتھ مثبت انداز میں بات چیت ہوئی، اگر پھر بھی مزید مشاورت درکار ہے تو مزید مشاورت کا دائرہ کار بڑھا لیں گے۔ان کا کہنا تھا کہ سیاسی جماعتوں میں مزید مشاورت میں حرج نہیں۔عطااللہ تارڑ نے بتایا کہ کامران مرتضیٰ کے پاس مکمل مسودہ موجود تھا، شق وار بات چیت ہوئی ہے، ڈرافٹ وزیر قانون اور ان کی ٹیم نے بنایا ہے، اس کو بنانے میں قانونی ٹیم اور اٹارنی جنرل شامل تھے،وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ مولانا صاحب کی ٹیم کے پاس مسودہ موجود تھا، کامران مرتضیٰ اور وزیر قانون کی شق وار بات ہوئی ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ آئینی عدالت کو ہیڈ کرنے سے متعلق ابھی تک کوئی بات چیت نہیں ہوئی، یہ تاثر دینا درست نہیں کہ مسودہ کہیں اور سے آیا ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	7

معاشرے میں اقلیتیوں کا تحفظ شرط اول ہے، تقسیم دشمن کا ایجنڈا ہے، جسے سب کو مل کر ناکام بنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آج صلہ رحمی، کمزوروں اور بیکسوں کی تعلیمات پر عمل کرنے کا دن ہے، حضور اکرمؐ کی تعلیمات فلاح انسانی کا بہترین ذریعہ ہیں۔شہباز شریف نے کہا کہ آقا کریمؐ کے غلاموں کا طرز عمل ان کی مبارک تعلیمات کے عین مطابق ہونا چاہیے، دنیا اور آخرت میں ہماری کامیابی کا واحد ذریعہ سیرت النبیؐ پر عملدرآمد کرنا ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	8

کے مناسب طریقے اپنائیں اور پلاسٹک کا استعمال نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ماحول دوست پائیدار اقدامات کئے جا رہے ہیں،تاریخ میں پہلی مرتبہ رورل ایریاز میں بھی صفائی کی جارہی ہے، کچرے کی ری سائیکلنگ، شجرکاری اور پبلک مقامات کی صفائی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت صفائی کرا رہی ہے، شہریوں کو بھی ذمہ داری نبھانا ہوگی، اپنے شہروں، دیہات اور گلی محلوں کو صاف ستھرا رکھیں اور ماحول کے تحفظ کیلئے کردار ادا کریں۔مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ یاد رکھیں، صاف پاکستان ہی ایک صحت مند اور ترقی یافتہ پاکستان ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	9

لاہور جلسے کی حکمت عملی طے کی جائے گی۔پی ٹی آئی ڈرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں جلسے کیلئے روانگی اور مقام کا پلان ترتیب دیا جائے گا۔پی ٹی آئی ڈرائع کے مطابق جلسے کے لیے خیبر پختونخوا کے قافلوں کی قیادت وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کریں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	10

خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ترجمان بلاول بھٹو مقرر ہونپر مرتضیٰ وہاب کو مبارکباد دی ہے۔انہوں نے کہا کہ مرتضیٰ وہاب کی بطور ترجمان بلاول بھٹو زرداری تعیناتی خوش آئند ہے، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی صلاحیت اور خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	11

کو افغان قونصل جنرل کو کہنا چاہیے تھا کہ آپ میرے دفتر میں بیٹھیں۔گورنر سندھ نے کہا کہ معلوم نہیں افغان قونصل جنرل کو ذہنی معذوری تھی یا جسمانی؟ جو پاکستان کی عظمت کو نہیں مانتا وہ افغانستان چلا جائے۔گورنر سندھ کا کہنا تھا کہ 2040 کا ڈرافٹ تیار کرلیا ہے، پاکستان کو آگے کیسے بڑھنا ہے اس معاملے پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو 25 دسمبر کو ساتھ بٹھائیں گے۔انہوں نے کہا کہ اپنی کرسی پر نہ بھی رہے تو پارٹی کی ذمے داریاں ادا کرتے رہیں گے۔کامران ٹیسوری نے مزید کہا کہ معاشی مسائل کا حل نظام مصطفیٰ اور سودی نظام کے خاتمے میں ہے

بقیہ	بقیہ جات	12

کی قیمتوں میں کمی کے بعد پنجاب بھر میں ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 30 سے 70 روپے تک کمی کروائی گئی ہے، پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں زائد وصول کئے گئے کرائے مسافروں کو واپس دلائے جاتے ہیں، جب بھی پیٹرول کی قیمت میں کمی ہوتی ہے مریم نواز اور انکی ٹیم کرایوں میں کمی کروانے کے لیے متحرک ہوجاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ کرایوں میں ہر صورت کمی کی جائے اور شہریوں کو ریلیف دیا جائے۔ پیٹرول سستا ہونے پر پنجاب کے سوا کسی دوسرے صوبے میں آج تک کرایوں میں کمی نہیں ہوئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق صوبے بھر میں ٹرانسپورٹ پر کرایوں میں کمی کا فوری اطلاق کر دیا گیا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ تمام بس اڈوں پر ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں کرایوں کا شیڈول خود چیک کر رہی ہیں۔ مریم نواز کی سختی سے ہدایات ہیں کہ مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔انکا کہنا تھا کہ پٹرول و ڈیزل سستا ہونے کا ریلیف مسافروں تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے۔تمام ٹرانسپورٹرز کو بھی حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔

بقیہ	بقیہ جات	13

آئے ہیں جبکہ ملیریا اور ڈینگی کی صورتحال بہتر ہے۔انہوں نے کہا کہ نیشنل ہیلتھ سروس کا پروگرام شروع کررہے ہیں،ادویات کی فراہمی اور ٹیسٹ کی سہولیات سرکاری اسپتالوں میں بہتر کرنے کا منصوبہ چل رہا ہے، تمام اسپتالوں کے شعبہ حادثات کی گنجائش کو مزید بڑھا رہے ہیں۔ڈاکٹر عذرا پیچو ہونے کہا کہ شہر کے مرکزی اسپتالوں کی ایمرجنسی کو اپ گریڈ کررہے ہیں،ایک ایک کرکے تمام اسپتالوں کی ایمرجنسی کو اپ گریڈ کیا جائے گا، لیڈی ہیلتھ ورکرز کے پروگرام کو فعال کرنے کے لیے متحرک ہوجائی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ کرایوں میں ہر صورت کمی کی جائے اور شہریوں کو ریلیف دیا جائے۔ پیٹرول سستا ہونے پر پنجاب کے سوا کسی دوسرے صوبے میں آج تک کرایوں میں کمی نہیں ہوئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق صوبے بھر میں ٹرانسپورٹ پر کرایوں میں کمی کا فوری اطلاق کر دیا گیا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ تمام بس اڈوں پر ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں کرایوں کا شیڈول خود چیک کر رہی ہیں۔ مریم نواز کی سختی سے ہدایات ہیں کہ مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔انکا کہنا تھا کہ پٹرول و ڈیزل سستا ہونے کا ریلیف مسافروں تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے۔تمام ٹرانسپورٹرز کو بھی حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔

بقیہ	بقیہ جات	14

بچوں اور دو بچیوں کا نکاح ہوا ہے۔ نکاح کے بعد رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والے افراد میں عامر اور فرح، جبکہ زبیر اور نازیہ شامل ہیں۔ چیئرپرسن سارہ احمد کے مطابق یہ دونوں جوڑے 10 سال سے زائد عرصے سے بیورو میں مقیم رہے ہیں اور اب ان کی عمریں 20 سال سے زیادہ ہیں۔ ان بچوں کو اپنے والدین یا لواحقین کے بارے میں کوئی معلومات نہیں ہیں۔ ان میں سے ایک جوڑا سننے اور بولنے کی صلاحیت سے محروم ہے، مگر بیورو میں قیام کے دوران انہوں نے تعلیم اور مختلف ہنر سیکھے ہیں۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو نے ان جوڑوں کو نہ صرف تعلیم دی بلکہ انہیں نوکری بھی فراہم کی ہے تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکیں۔ چیئرپرسن سارہ احمد نے اس موقع پر ان جوڑوں کی آسندہ کی زندگی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور ان کی شادی کے سلسلے میں مدد کرنے والے افراد کا شکریہ ادا کیا۔ اس تقریب میں ڈائریکٹر جنرل آفتاب احمد خان، ڈائریکٹر پروگرام حسنین خالد اور دیگر سٹاف کے علاوہ بچے بھی شریک تھے۔ یہ اقدام چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کی ایک بہترین مثال ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	15

بھائیوں سمیت 14 لاپتہ افراد کی بازیابی کے لیے دائر درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ دونوں لاپتہ بھائیوں کے اہل خانہ کو حکومت کی جانب سے معاوضہ دیا جارہا ہے، جن لاپتہ افراد کی جبری گمشدگی کا تعین ہو چکا ہے انہیں معاوضہ دیا جارہا ہے۔ سرکاری وکیل کے بیان پر جسٹس نعمت اللہ پھلپوٹو نے کہا کہ معاوضہ نہیں لاپتہ افراد کی بازیابی سے مطلب ہے، لاپتہ افراد کی بازیابی کے لیے اقدامات کیے جائیں۔اس حوالے سے عدالت نے آئی جی سندھ، ڈی جی رینجرز، وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے رپورٹس طلب کر لیں۔سندھ ہائی کورٹ نے ایف آئی اے سے گمشدہ افراد کی ٹریول ہسٹری بھی طلب کرتے ہوئے کہا کہ بیشتر کیسز میں جے آئی ٹیز کے 24، 24 اجلاس ہو چکے ہیں، متعدد بے آئی ٹیز اجلاسوں کے باوجود لاپتہ افراد کا سراغ نہیں لگایا جاسکا جو لمحہ فکریہ ہے۔عدالت نے ستار ایڈووکیٹ کے بیٹے نور محمد اور ڈرائیور قادر کی بازیابی کے لیے پولیس کو اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ تفتیشی افسر نے کہا کہ گمشدہ شہری نور محمد کے اہل خانہ سے کئی بار رابطہ کیا مگر فیملی تعاون نہیں کر رہی، عبدالستار کا ڈی این اے سیمپل لینا ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	16

ہیں، علم کے بغیر متوازن معاشرے کی تشکیل ناممکن ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے زیر اہتمام 49 ویں سیرت کانفرنس خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ اس سال سیرت کانفرنس کا موضوع ریاست کا تعلیمی نظام سیرت النبی کی روشنی میں ہے، اسلام میں علم حاصل کرنے پر بہت اہمیت دی گئی ہے، تعلیم حاصل کرنا ہر فرد کیلئے ضروری ہے اور اس کیلئے اقدامات کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان میں ہمیں تعلیم کے شعبے میں بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے، تعلیمی ادارے موجود ہیں لیکن تربیت کا فقدان ہے، ملک میں تعلیمی نظام کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے، تعلیم کا نظام سیرت النبیؐ کی روشنی میں مرتب دیا جائے تاکہ ہماری نسلیں نہ صرف علم سے بہرہ مند ہوں بلکہ ان کی تربیت بھی اسلامی اصولوں کے مطابق ہو، مسلمانوں نے بعد کے زمانے میں جو علمی ترقیاں کیں اور جس کے باعث وہ ساری دنیا کے معلم بنے اور ساری دنیا کے لوگ عربی کتب کو پڑھ کر جدید ترین تحقیقات سے آگاہ ہوئے۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ نبی کریمؐ نہ صرف روحانی رہنما ہیں بلکہ ایک مثالی معلم بھی ہیں جن سے ہم نہایت قیمتی سبق حاصل کرسکتے ہیں کہ یکساں تعلیمی نظام کیسا ہونا چاہیے، آج معاشرے میں میرٹ ملے گا لیکن دیانت کا فقدان نظر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ زندگی کے ہر شعبے میں اخلاقیات کا نفاذ کسی بھی معاشرے کے علمی لیول اور نظام تعلیم کی کامیابی کا تعین کرتی ہے کہ جب کوئی سی سی ٹی وی کیمرہ نہ ہو اور کوئی چیک اینڈ بیلنس نہ ہو پھر عوام کیا کرتی ہے اور ان سے کیسے اعمال سرزد ہوتے ہیں۔ وفاقی وزیر سالک حسین چوہدری نے مزید کہا کہ ناموس رسالتؐ پر ہماری جان اور مال سب قربان ہے، مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے پر پوری قوم میں غم و غصہ پیدا ہوا، قومی اسمبلی میں اس حوالے سے ایک قرارداد منظور ہوئی اور حکومت نے سپریم کورٹ میں مبارک ثانی کیس کے فیصلے پر نظرثانی کی درخواست دائر کی، 22 اگست کو سپریم کورٹ کی سماعت میں جید علما کرام نے اپنا موقف پیش کیا، پانچ گھنٹے سماعت کے بعد سپریم کورٹ نے اپنا فیصلہ واپس لیا، ناموس رسالت پر ہر مسلمان کی جان قربان ہے، یقینی بنائیں گے کہ مبارک ثانی کیس کا تفصیلی فیصلہ جلد از جلد آئے۔ اس موقع پر نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج کا دن ہم سب کیلئے بہت اہم ہے، پوری امت مسلمہ کو عید میلاد النبیؐ کی مبارکباد پیش کرتا ہوں، آج کا دن مسلمانوں کیلئے بہت خوشی کا دن ہے، ہمارے تعلیمی نصاب میں سیرت النبیؐ کا زیادہ تذکرہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں تعلیم کی بہت اہمیت ہے، ریاست کا تعلیمی نظام سیرت النبیؐ کی روشنی میں آج کا موضوع ہے، علم ہی وہ روشنی ہے جو ہدایت کی راہ دکھاتی ہے، علم اور تقویٰ کی دولت سے مزین لوگوں کو ہی قرب الٰہی نصیب ہوتا ہے، علم کا حصول دینی فرض ہے، آپؐ پر نازل پہلی وحی میں تعلیم کی فضیلت اور اہمیت کو واضح کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ نبی کریمؐ نے مسجد نبوی کو علم کا مرکز بنایا، علم ہی وہ روشنی ہے جو انسان کو نیکی اور بدی میں تمیز سکھاتی ہے، ناخواندہ افراد کو حصول علم پر آمادہ کرنا حکومت کا بھی فرض ہے، بنیادی دینی تعلیم ہر مسلمان کیلئے لازم ہے، تعلیمی نظام کو جدید سائنسی علوم پر مبنی ہونا چاہیے۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ ماضی میں عرب سے چین جانا تو ایک خواب ہی ہوتا ہوگا

بقیہ	بقیہ جات	17

کیے قابل مذمت ہیں، ممبران پارلیمنٹ کا اب تک دھمکیاں مل رہی ہے، پارلیمان کو منڈی نہ بنایا جائے، سپریم کورٹ میں مرضی کے چیف جسٹس، ججز لاکر مرضی کے فیصلے لینے کی روایت ختم ہونی چاہیے، قومی اداروں کی لوٹ سیل نہیں ہونے دیں گے، سٹیل مل، ریلوے اور دیگر ادارے تباہ کرنے والوں کو لٹکایا جانا چاہیے، کے الیکٹرک کی پرائیویٹائزیشن دنیا میں بجلی کا بدترین مثال ہے، سودی معیشت کے خاتمہ کے حوالے سے عدالتی فیصلہ کو نصف مدت گزر گئی حکومت نے تاحال کوئی قدم نہیں اٹھایا، دبئی لیکس میں ملوث لوگ منی ٹریل دیں۔ سپریم کورٹ کے حوالے سے آئینی ترمیم، پرائیویٹائزیشن، سودی نظام اور دبئی لیکس پر قانونی ماہرین سے مشاورت کر کے قوم کو حقائق اور حکمت عملی سے آگاہ کریں گے، راولپنڈی معاہدہ کی 45 روز کی مدت ختم ہونے میں پانچ دن رہ گئے، عملدرآمد نہ ہوا تو 23 ستمبر کو آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، جماعت اسلامی کے پاس معاہدہ پر عملدرآمد کرانے کے لیے شٹر ڈاؤن، پہیہ جام اور لانگ مارچ سمیت کئی آپشنز ہیں، حکومت کے پاس سوائے عوام کو ریلیف دینے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، 7 اکتوبر کو ہفتہ یکجہتی فلسطین منایا جائے گا، رواں ماہ ممبر شپ جاری رہے گی، عوام کا بھرپور رسپانس مل رہا ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	18

مظاہرین نے وزیر اعلیٰ پر روزگار چھیننے کا الزام عائد کیا۔سابقہ ٹرانسپورٹ ملازمین اور پی ٹی آئی ورکرز نے وزیراعلیٰ کے خلاف مظاہرہ کیا، مظاہرہ بنوں پریس کلب کے سامنے کیا گیا۔مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ عمران خان نوجوانوں کو روزگار دے رہے تھے لیکن وزیر اعلیٰ کے پی نے ہمارا روزگار چھین لیا ہے۔مظاہرین نے کہا علی امین گنڈاپور عمران خان کے ویژن کے خلاف جا رہے ہیں، مظاہرین نے علی امین گنڈاپور کے خلاف نعرے بازی بھی کی۔

بقیہ	بقیہ جات	19

نے وضاحتی بیان میں موقف اختیار کیا کہ قومی ترانے میں میوزک تھا اس لیے قونصل جنرل کھڑے نہیں ہوئے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ہم نے اپنے قومی ترانے پر بھی میوزک کی وجہ سے پابندی لگائی ہے۔ اگر ترانہ میوزک کے بغیر ہوتا یا بیچ پیش کرتے تو قونصل جنرل لازمی کھڑے ہوتے اور سینے پر ہاتھ بھی رکھتے۔ ترجمان افغان قونصل خانے نے مزید کہا کہ پاکستان یا قومی ترانے کی توہین کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

بقیہ	بقیہ جات	20

گے۔ بلاول بھٹو نے نجی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ کوشش ہوگی کہ اٹھارہویں ترمیم میں جوڈیشل اپائنٹمنٹ کا جو طریقہ رکھا تھا اسے بحال کیا جائے، سپریم کورٹ میں مرضی کے فیصلے لینے کی روایت ختم ہونی چاہیے، کل مرضی کے فیصلے لینے کی روایت ختم ہونی دیں گے، اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ہیں لیکن ہر ادارے کی اپنی حدود ہیں، ہم نے ہمیشہ ادارے کی حدود کی بات کی ہے، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہر ادارہ اپنی حدود میں ر

پنجاب کی طبی درسگاہوں میں معیاری ریسرچ کو پروان چڑھایا جائے ہے

خواجہ سلمان رفیق

وزیر صحت زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نشتر میڈیکل یونیورسٹی کا 15 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد

پاکستان میں جمہوری عمل کی حمایت کے لیے سی پی ڈی آئی اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ مختار احمد علی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سی پی ڈی آئی

سی پی ڈی آئی و ایف این ایف کے زیر اہتمام کوگو گورننمنٹ سسٹم پر ڈائیلاگ کا انعقاد

مقامی سیاسی رہنماؤں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور محکمہ انسانی حکومت کے ماہرین نے شرکت، مقامی حکومتوں کے انعقاد میں پارلیمنٹیرینز کے کردار پر زور دیا گیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نشتر میڈیکل یونیورسٹی کا 15 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ سید اوجلال شاہ، ایڈیشنل سیکرٹری فنانس سردار سلیم اور ڈپٹی سیکرٹری حماد ارب سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ ڈیوٹی لٹک کانفرنس کے ذریعے رکن پنجاب اسمبلی فرحا نہ محمود، وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر مہتاز



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے 15 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

طالبعلم کاری چیکنگ کے دوران نمبروں میں بڑا اضافہ

30 نمبروں کے اضافے کے بعد محمد آفاق کی انٹرمیڈیٹ میں پوزیشن بن گئی

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ کے امتحانات میں ہاتھ سے ری چیکنگ کی بڑی کہانی کا انکشاف ہوا ہے۔ لاہور بورڈ نے ایف اے/ایف ایس سی امیدوار کے نمبروں میں 1149 نمبروں کا اضافہ کیا ہے۔ محمد آفاق کے دوبارہ نمبروں کے اضافے کے بعد محمد آفاق کی انٹرمیڈیٹ میں پوزیشن بن گئی۔ محمد آفاق کی 30 نمبروں کے اضافے کے بعد ری چیکنگ کے دوران 30 نمبروں کا اضافہ ہوا، محمد آفاق نے بورڈ انتظامیہ سے میڈل اور سرٹیفکیٹ مانگ لیا۔

ایف آئی اے اہلکار افغانیوں کو بلیو پاسپورٹ جاری کرنے پر گرفتار

ملزم انیق پر دیگر ملزمان کو معلومات فراہم کرنے کا الزام بھی ثابت ہوا، ذرائع

لاہور (کرائم رپورٹر) غیر ملکی باشندوں خصوصی افغانیوں کو بلیو پاسپورٹ جاری کرنے کا انکشاف کیا گیا۔ ایف آئی اے نے تحقیقات کرتے ہوئے ادارے کے اہلکار انیق کو والد سمیت گرفتار کر لیا۔ ملزمان نے 2020-21 اور 22 میں افغانیوں کو بلیو پاسپورٹ جاری کئے۔ ایف آئی

آئین میں ترمیم کے بجائے نئے قوانین کی ضرورت ہے، یوگیا (س)

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ابہب بن سکیڑی اطلاعات مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب جلالی، مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واعظ بشیر قادری رحمت اللہ لاشاری و دیگر نے کہا کہ آئے کے بجائے قوانین میں ترمیم رات کے اندھیرے میں کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم بھگاں کا بے جا پارلیمنٹ بالادستی اختیار پر حرف لے کے دیال ہیں، بن کے بیٹھے حکومت کر رہا ہے۔ حکومت کو سب سے پہلے اوقاف ایکٹ میں 2 سو کے خاتمے کے علما اصلاحات 3 سالہ اظہار کیلئے مقامی مصنوعہ بندی علما کر اسی کی مشاورت سے کی جائے۔

عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کیخلاف درخواست: ڈی جی ایف آئی اے ذاتی حیثیت پر طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کے خلاف درخواست پر ساعت کرتے ہوئے ڈی جی ایف آئی کو پیر کے روز ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ ایف آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر قطعی علیہ نیلم بخاری کی درخواست پر ساعت کی۔ دوران ساعت ڈپٹی اٹارنی جنرل اسد جاوجہ نے ایف آئی اے کی رپورٹ پیش کی، عدالت نے ایف آئی اے کی رپورٹ پر سوالات اٹھائے۔

ملک کے سیاسی بحرانوں کا ایک ہی علاج قومی ڈائیلاگ ہے، لیاقت بلوچ

من پسند قانون سازی، آئینی ترامیم مشروط نہیں کرانی چاہئیں، پھر بھی سیاسی عدم استحکام برقرار رہے گا

امت کے لیے اللہ کی وحدانیت کے بعد مرکز و محور ہیں، نبیؐ کی ولادت باسعادت سے اہل ایمان نے جشن و مسرت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے لاہور راولپنڈی، گوجرانوالہ میں سیرت کنونشنز سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

پنجاب اسمبلی کی استحقاق کمیٹی کا جیئر من سمیع اللہ خان کی صدارت میں اجلاس

ڈی بی او ز سے لکھوٹ، چنیوٹ، سپیشل سیکرٹری بلدیات کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کی استحقاق کمیٹی کا اجلاس جیئر من سمیع اللہ خان کی صدارت میں ہوا، ممبر صوبائی اسمبلی اسامہ فضل کی تحریک پر ڈی پی او لکھوٹ ممبر صوبائی اسمبلی مولانا الیاس چنیوٹی کی



لاہور، وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین عید میلاد النبیؐ کے موقع محفل میلاد میں شریک ہیں

پرامن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بہترین انتظامات پر ضلعی انتظامیہ لاہور کو مبارکباد

وزیر خوراک بلال یاسین کی عید میلاد النبی ﷺ جلوس نکلنے کے راستوں کا دورہ، ڈپٹی کمشنر لاہور انعام اللہ وٹو کے ہمراہ پولیس افسران بھی موجود تھے

لاہور (این این آئی) وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین نے عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موقع پر بہترین انتظامات پر ضلعی انتظامیہ لاہور کو مبارکباد پیش کی، ان کا کہنا تھا کہ الحمدللہ تمام جلوس اور محافل

انعقاد شاباش لاہور ویژن

8 ہزار سے زائد پولیس اہلکاروں اور 4 ہزار سول ڈیفنس کے اہلکاروں نے نبی ﷺ کی ولادت باسعادت کے پُرامن اور پُرجوش جلوس کی سکیورٹی و دیگر انتظامات بہترین رہے۔ کنٹرول روم ڈویژن، ڈی سی او زیڈ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

منصور شاہ سینئر ترین جج ہیں ان کے سوا کوئی اور چیف جسٹس قبول نہیں، حامد خان

آج کے نیشنل کنونشن کا مقصد اس آئینی ترمیم کو مسترد کرنا ہے

یہ لوگ ایک ایسی کورٹ لانا چاہتے ہیں جس میں یہ اپنے بٹاؤ لائیں گے اور ایڈہاک مرضی کے فیصلے کروائیں گے

کوئی قبول نہیں۔ انہوں نے لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صرف منصور علی شاہ ہی چیف جسٹس بنیں گے ان کے سوا کوئی قبول

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

بلا تاخیر تعلیمی ایمرجنسی کا نفاذ کرنا چاہیے، ہمایوں اختر خان

ہماری بچیاں تعلیمی میدان میں کامیابی کے جھنڈے گاڑ رہی ہیں، سابق وفاقی وزیر

گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول ماموں کانجن میں تقریب تقسیم انعامات میں خطاب

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ سکولوں سے باہر بچوں کی تعداد کے حوالے سے رپورٹس لمحۂ فکریہ ہیں اس لئے حکومت کو بلا تاخیر تعلیم کے میدان میں ایمرجنسی کا

رائیونڈ، کسن نگر میں ہوں میں گرگر جان کی بازی ہارگئی، وزیر اعلیٰ پنجاب کا سخت نوٹس

واقعے کی تحقیقات کرانے، ذمہ داروں کا تعین کرنے کا حکم، ناقابل مجرمانہ غفلت پائی جائے تو ہاؤسنگ سوسائٹی سیل کردی جائے

لاہور (این این آئی) کسن نگر میں ہوں میں گرگر جان کی بازی ہارگئی۔ رائے ونڈ روڈ پر نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں کسن نگر پارک میں کھیل رہی تھی کہ کھلے پڑے مین ہول میں گر گئی۔ پانی کے گرنے کی اطلاع فوری طور پر ریسکیو 1122 کو دی گئی جس کے بعد ریسکیو ٹیم نے آکر دو گھنٹے کی جدوجہد کے بعد بچی کی لاش نکال لی۔ وزیر اعلیٰ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

توشہ خانہ کیس: بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر جلد فیصلہ کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) عدالت نے سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی توشہ خانہ کیس میں ضمانت کی درخواست پر ڈائری کورٹ جلد فیصلہ کرنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے جسٹس میاں علی حسن اورنگزیب نے توشہ خانہ کیس میں سابق خاتون



لاہور، بچے جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر پہاڑیاں دیکھ رہے ہیں

پاکستان میں رواں سال کے دوسرے چاند گرہن کا جزوی مشاہدہ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں رواں سال کے دوسرے چاند گرہن کا جزوی مشاہدہ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جزوی چاند گرہن کا آغاز رات 9 بجکر 41 منٹ پر ہوا، یہ چاند گرہن مغربی حصوں سے لگے ہوا، پاکستان میں چاند گرہن کا جزوی گرہن لگنے کا آغاز 7 بجکر 13 منٹ پر ہوا تھا، 7 بج کر 44 منٹ پر اپنے عروج پر پہنچا۔ موسمیاتی ماہرین کا کہنا ہے

گورنر پنجاب کا جامعات کو ڈرگ فری بنانے کیلئے طلبا اور فیکلٹی کے ٹیسٹ کروانے کا اعلان

ہر اسمسنٹ کے خاتمے کے لیے اب یونیورسٹی کے باہر کارڈ چیک ہوں گے

طلبا کے مسائل حل کروانے کے لیے خود یونیورسٹیوں کے دورے کروں گا، سردار سلیم حیدر خان کے کہا کہ جامعات کو ڈرگ فری بنانے کے لیے طلبا اور فیکلٹی کے ٹیسٹ کروانے چاہیے ہیں۔ ایک انٹرویو میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کا کہنا تھا کہ 25 پبلک سیکٹر یونیورسٹیز میں

فیصل آباد، صابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کی ممبر شپ مہم کے ذریعے لاہور میں نظام مصطفیٰ کی جدوجہد کو مزید تیز کیا جائے۔ محسن کائنات ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا مشن بنا کر دنیا اور آخرت میں کامیابیاں حاصل کریں گے

طیبہ فاطمہ بن کی جدوجہد کیلئے شدید تر جذبہ، مشقت میں تیزی۔ حضور پاک کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ کا مقام رکھتی ہے۔ جماعت اسلامی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

ناموس رسالت ختم نبوت ﷺ مسلم امہ کیلئے ریڈ لائن ہے، سنی علما کونسل

رسول کریم کی تعلیمات ہمیں بھائی چارہ، امن، انسانیت اور اخوت کی دعوت دیتی ہیں، مولانا حافظ حسنین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسنین احمد نے کہا ہے کہ اور آخرت میں کامیابی ممکن ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ہی اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ کی ناموس رسالت ختم نبوت ﷺ مسلم امہ کیلئے ریڈ لائن ہے، رسول کریم کی تعلیمات میں بھائی چارہ، امن، انصاف اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی



لاہور، جشن میلاد النبیؐ کے موقع پر مرکزی سطح پر سنی علما کونسل جلوس مناوں کے لیے راہنما اصول جاری کیے گئے تھے، جلوس کا راستہ بھی طے کیا گیا، حافظ صدیق، میاں منیر، الحاج محمد اعوان، چوہدری شاہد بشیر، مفتی فیصل ارشد اور دیگر شریک ہیں (فوٹو: محمد اسلم)

اسرائیل کا فلسطینیوں کو اجتماعی سزا دینا ناقابل جواز ہے، انتونیو گوتریس

غزہ میں دکھوں اور مصائب کی سطح اور قتل و تباہی کی حد کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتے، انٹرویو

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کا کہنا ہے کہ کوئی چیز بھی اسرائیل کی جانب سے غزہ کے لوگوں پر انتقامی سزا کا جواز نہیں بن سکتی جو تاقابل تصور مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ فرانسیسی نیوز ایجنسی کو دیے گئے انٹرویو میں گوتریس نے غزہ کی پٹی میں اسرائیلی جنگ کے طریقہ کار پر شدید تنقید کی۔ یہ جنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

زیر سمندر تباہ ہونے والی آبدوز کا ٹوٹا ہوا حصہ شمالی بحر اوقیانوس میں نظر آیا، غیر ملکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی کوسٹ گارڈ اور اوقیانوس میں نظر آیا، ٹائی ٹن آبدوز کے ملبے کی پہلی تصویر جاری کردی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق آبدوز کا ٹوٹا ہوا حصہ شمالی بحر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

منی پور میں خانہ جنگی کی صورتحال، فسادات پر مودی سرکار کی مجرمانہ خاموشی

نام نہاد سیکولر بھارت کی ریاست منی پور میں علیحدگی پسند تنظیمیں قابض ہو چکی ہیں، ایمنسٹی انٹرنیشنل

منی پور (این این آئی) منی پور میں خانہ جنگی کی صورت حال پر مودی سرکار نے مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حال ہی میں منی پور کے ضلع چورا چاند پور میں 2 قبائلی برادریوں کے درمیان شروع ہونے والی جھڑپیں اب تک 175 افراد کی جان لے چکی ہیں۔ ہزاروں افراد بے گھر ہو چکے ہیں، ایمنسٹی انٹرنیشنل



لاہور، جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر شہری لنگر کے لئے قطار میں کھڑے ہیں



پی ٹی آئی نے لاہور جلسہ کیلئے 27 رکنی منتظمین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی نے 21 ستمبر کو لاہور میں جلسے کے انتظامات کیلئے 27 رکنی منتظمین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیدی۔ پی ٹی آئی کے صدر شیخ وقاص محمود اور جنرل سیکرٹری اسد یونس کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

رہنما تحریک انصاف غلام محی الدین کی نظر بندی کیخلاف درخواست میں چیلنج

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف رہنما ممبر آزاد کشمیر اسمبلی غلام محی الدین کی نظر بندی کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست غلام محی الدین کی اہلیہ صادیہ دیوان نے میاں عامر علی اشفاق کے وساطت سے وکیل بیرسٹر عمیر نیاز کے ذریعے دائر کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

پی ٹی آئی نے بہترین انٹرا پارٹی الیکشن کرائے تھے، بیرسٹر گوہر

ہمیں امید ہے الیکشن کمیشن جاری رہا میں مزید رکاوٹیں نہیں ڈالے گا، ہم کل جلسہ اپنے وقت پر کریں گے، ہمارا میڈیا سے گفتگو

بیرسٹر گوہر نے وفاقی وزراء میں انٹرا پارٹی الیکشن کا اعلان کیا تھا، انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے الیکشن کمیشن جاری رہا میں مزید رکاوٹیں نہیں ڈالے گا، لاہور کا جلسہ اپنے وقت پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

سندھ ہائیکورٹ نے نادرا کو واشنگ سرٹیفکیٹ کی فیس وصولی سے روک دیا

نادرا قوانین کے مطابق صرف سم ورمز کی فراہمی کی صورت میں فیس وصول کر سکتا ہے، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے نادرا کی جانب سے درخواست کے سرٹیفکیٹ کے اجرا کی فیس وصولی کیخلاف درخواست پر ساعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف دیا کہ نادرا احکام اور واشنگ سرٹیفکیٹ کی درخواست مسترد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

جانب باس نے پاکستان میں اقتصادی سلامتی امور پر بات کی، امریکہ

واشنگٹن (این این آئی) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ تھامس میتھیو نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے نائب منیجنگ ڈائریکٹر جان باس نے پاکستان میں اقتصادی، سلامتی امور پر تعاون بڑھانے پر بات کی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق واشنگٹن میں پریس بریفنگ کے دوران صحافیوں نے کہا کہ جان باس نے اسلام آباد میں اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کی ہیں، ان ملاقاتوں کی تفصیلات کیا ہیں؟ جس پر ترجمان نے کہا کہ جان باس نے امریکی ہم منصب سے ملاقات کی، امریکہ نے پاکستان کے ساتھ اپنی شراکت داری کو مضبوط کرنے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا